بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الدعا ترد البلاء وترفع الدرجات العلیا

دعائے سیفی

مترجم مع

چہل اسمائے عظام ۔ ماہ سعید ونحس و دائرہ رجال الغیب
وشجرہ قادریہ نوشیہ محبوبیہ اور دعائے عاشورہ

مولف مصنف

سراج السالکین ... عارفین ۔ سرتاج الحاذقین اُستاذ الحکمار

الحاج سید نور اللہ شاہ
قادری چشتی
سہروردی نقشبندی

Marfat.com

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الدُّعَاءُ یَرُدُّ الْبَلَاءَ وَتَرْفَعُ الدَّرَجَاتِ الْعُلیٰ

دُعائے سیفی

مُترجم

مع

چہل اسمائے عظام ۔ ماہ سعید و نحس و دائرہ رجال الغیب

و شجرۂ قادریہ غوثیہ محبوبیہ اور دعائے عاشورہ

مولف ۔ مصنف

سراجُ السالکین ، شمسُ العارفین ، سرتاجُ الحاذقین اُستاذُ الحکماء

الحاج سید محبوب علی شاہ عرف نور اللہ شاہ قادری چشتی سہروردی نقشبندی

ناشرین

حکیم سید محمد شاہ صاحب ۔ ناظم دوا خانہ معدن تصانیفات

شیخ المشائخ حکیم حافظ عبدالغنی قادری بازی

الحکیم سید عابد علی شاہ منتظم دریا ......

سید ابو صالح المعروف محمد شاہ ......

سید ابو سعید المعروف محسن شاہ ......

مِلنے کا پتہ : محبوب سنز ، پبلی پہاڑ روڈ ۔ بستی عبداللہ ۔ دیپال پور ۔ اوکاڑہ

GIFT BOOK
13 0048 / 02
78668
Marfat.com

لائبریری پنجاب یونیورسٹی

سید ابو سعید شاہ

(۲۹/۱/۵۹)

۲۹۷ء۵۴

۱۲۸۵۵۶

66010

DATA ENTERED

Marfat.com

فہرستِ مضامین

صفحہ نمبر	مضمون
۴	سلسلہ سندِ اجازت دعائے سیفی مترجم
۷	فوائد و خواص دعائے سیفی
۹	اول طریق زکوٰۃ
۱۲	حصار
۱۳	محلِ اجابت
۱۴	اشارۂ اول
۱۶	درود شریف
۲۰	دیگر فوائد دعائے سیفی
۲۱	دیگر انسان و وحوش کا تابع فرمان کرنا
۲۲	دیگر۔ علاج بیمار و مایوس العلاج مریضوں
"	کیلئے محبت کیلئے ۔ دیگر دفعِ افلاس
"	و فقر و فاقہ کیلئے
۲۳	دیگر تسخیر جنات کیلئے
۲۴	اختتام، دعائے سیفی
۵۲	دعائے سیفی
۱۳۲	اختتام دعائے سیفی
۱۳۳	دیگر
۱۴۵	خاندان سید محبوب علی شاہ کے
"	بزرگوں کے مستند اقوال اور طریقہ
"	ہائے دعوت و اجابت برائے دعائے سیفی
۱۴۹	حصار مذکور
۱۵۱	طریقہ عمل دعوت
۱۵۲	محل اجابت کی دعا، اشارہ اصل
۱۵۴	دعا کرنے والا، دعائے فتح
۱۵۵	دعائے قتل
۱۵۶	اشارہ فرع

صفحہ نمبر	مضمون
۱۸۴	طریقہ دعوت و ورد خاندانِ سلسلہ
"	قادریہ سید محبوب علی شاہ
۱۸۹	نادِ علی، خاتم
۱۹۰	یادداشت، چہل اسمائے معظم
۱۹۳	اختتام چہل اسمائے عظام
۱۹۵	چہل اسمائے عظام کے چودہ معروف
"	اعمال کے فوائد
۱۹۶	چند شرائطِ مجموعہ چہل اسمائے عظام
۲۰۲	نقشہ رجال الغیب، سلام رجال الغیب
۲۰۳	ماہ سعید منقلب و نحس
۲۰۵	برائے ردِ رجعت و دعوت و سحر (جادو)
"	اسمائے ردِ رجعت
۲۰۶	تدارکِ وظیفہ، اشعار
۲۰۸	دوسرا طریقہ دعوت و اسناد و قرأت دعائے سیفی
۲۰۹	حصار حضرت امیر المومنین
۲۱۰	طریقہ زکوٰۃ دعائے مغنی
۲۱۲	ترتیب دعائے سیفی طریقہ دوم
۲۱۳	دعائے مغنی
۲۲۶	جوشنِ سیفی
۲۲۹	دعائے کاشف
۲۳۲	نادِ علی
۲۳۳	اشعارِ روزینہ
۲۳۵	شجرہ شریف بطریقہ واسطہ خواجگان
"	قادریہ محبوبیہ غوثیہ
۲۳۷	التجا بدرگاہِ خدا، دعائے عاشورہ
۲۳۹	نقشِ دعائے سیفی

14-02-06
Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

کہ اس دعائے سیفی کو بمعہ اسکے جملہ خواص و چہل اسمائے عظام اور دعائے مغنی کے اضافہ کے کتابت و چھپوانے کا تمام تر شرف میرے محترم دوست ملک مقبول احمد کھوکھر (223-1-8-12 ٹاؤن شپ لاہور) کو حاصل ہوا۔ یہ سب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت و مہربانی اور قبولیت ہی کے باعث ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ان کو اس توفیقِ عظیم سے نوازا۔ میں تو یہی کہہ سکتا ہوں۔

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کرم کی بات ہے کہ اللہ نے انہیں یہ حوصلہ و ہمت عطا کی میں دعاگو ہوں کہ اللہ تعالےٰ اس کو اور اور ان کے اہل و عیال کو اس کا اجر عطا فرمائے اور دین و دنیا و آخرت ہر میدان میں کامیابی و کامرانی نوازے آمین ثم آمین اور اس دعائے سیفی سے مستفید ہونے ہر شخص کی خدمت میں ملتمس ہوں کہ وہ برادر مقبول احمد کھوکھر اور ان کی اولاد کے لیے خصوصی دعا فرمائے کہ اللہ تعالےٰ ان کو تا قیامت اپنی خصوصی رحمتوں اور برکتوں سے نوازے۔ آمین

دعاگو

سید محمد شاہ صائم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدًا و مصلیًا و مسلمًا

سلسلہ سندِ اجازت دُعائے سیفی مترجم

احقر سید محمد شاہ صائم کو اس خاص دُعا کی جس طور پر کہ اس کتاب میں لکھی جاتی ہے۔ اجازت تامہ حاصل ہوئی ہے۔ اپنے والدِ محترم سید محبوب علیشاہ صاحب سے۔ ان کو قل ھو اللہ شاہ بھرمونچی صاحب سے۔ ان کو سید پیر صلّی علی شاہ صاحب سے۔ ان کو اپنے پیر و مُرشد سے سِلسلہ وار حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ و حضرت پیرانِ پیر سید محی الدین عبد القادر جیلانیؒ سے سلسلہ وار حضرت خواجہ حبیب عجمیؒ و حضرت خواجہ حسن بصریؒ اور ان کو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے اور آپ کو حضور سرورِ کائنات سیدنا محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمۃ للعٰلمین سے حاصل ہے۔

مَیں نے دُعائے سیفی کے کئی نسخے دیکھے اور مطالعہ کئے ہیں۔ لیکن ہر ایک کو مختلف پایا۔ تمام اختلافات کو دُور کرتے ہوئے اپنی خاندانی روایات ورد و دعوت دعائے سیفی کو اغلاط سے پاک کر کے لکھنے کی سعی کی ہے۔ اور مَیں اس ترتیب کو باقی تمام ترتیبوں پر ترجیح دیتا ہوں۔ تاکہ اہل اس کے اس سے بکیراں فیض حاصل کریں۔ اور اس دُعا کے پڑھنے والوں پر لازم ہے کہ وہ

Marfat.com

ہرگز ہرگز بغیر اجازت زکوٰۃ ادا کرنے کی سعی نہ فرمائیں۔ کیونکہ یہ دُعا "اسم بامُسمّٰی" مانند تلوار کے ہے۔ اور تاثیر سریع رکھتی ہے۔ اس لئے عامل دعا سے سینی سے اجازت حاصل کرنے کے بعد ورد یا دعوت شروع کرنی چاہیے۔ ورنہ عامل کی ہلاکت کا خوفِ عظیم ہے۔ اگر کسی کامل و عامل سے اجازت لے کر عمل کریں تو اس میں کسی قسم کی رجعت کا خوف باقی نہ رہے گا۔ اگر بطورِ ورد روزانہ ہمیشہ کے لئے ایک یا تین مرتبہ پڑھتے رہیں۔ تو کسی قسم کی تکلیف یا رجعت نہیں ہوتی اور ہر مشکل و مصیبت سے نجات حل کر دینی و دنیوی حاجات بر آتی ہیں۔ اور ایک سال کے ورد میں عامل بھی ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ناشرین

حکیم سید محمد شاہ صاحبؒ

شیخ المشائخ حکیم حافظ عبد الغنی قادری بانوی

حکیم سید عابد علی شاہ موج دریا

سید ابو صالح المعروف سید چمن شاہ صاحب

سید ابو سعید المعروف سید گلشن شاہ صاحب

Marfat.com

فوائد و خواص دُعائے سیفی

یہ دُعاء دینی و دنیوی حاجات کے لئے نہایت جلیل القدر و زبردست معمولاتِ بزرگانِ سلف سے ہے۔ اکثر اہلِ ریاضت اور اولیا اللہ بوسیلہ اس دعاء کے مراتبِ عالیہ کو پہنچے۔ سند اس کی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہے۔ اُن کو حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے اور آپؐ کو بواسطۂ جبرائیل علیہ السلام پیشِ گاہ خداوندی سے تلقین ہوئی ہے۔ اور فوائد و خواص اس کے شیخ ابوالفضل کرمانی نے بارہ۱۲ ہزار تک بیان فرمائے ہیں۔ اور حضرت امام جعفر صادق رضؓ نے اس دعائے مبارک کے کئی نام فرمائے ہیں۔ منجملہ اُن کے سیف اللہ حرزِ یمانی۔ حرزِ اکبر۔ حرز المرتضوی۔ حرز الاعظم۔ حرزِ سیفی وغیرہ زیادہ مشہور ہیں۔ دین و دُنیا کا کوئی کام ایسا نہیں۔ جس کا تدارک بذریعہ اس دُعاء کے نہ فرمایا گیا ہو۔ مگر پڑھنے کی تعداد۔ زکوٰۃ و دعوت وغیرہ کے طریقے مختلف ہیں۔ اور ہر ایک دن کا ضابطہ اور اشارات و محل اجابت وغیرہ بھی بہت سے ہیں۔ اور ہر ایک خاندان کا معمول جداگانہ ہے۔ بلکہ بعض مقامات میں دعائے موصوف کے الفاظ و عبارت میں بھی اختلاف اور کمی بیشی ہے۔ اور پڑھنے والا ہر ایک شخص اسی وقت مطمئن ہو سکتا ہے۔ جب ان کی صحیح صحت عبارت اپنے مرشد سے معلوم کرے۔ محض کتابی تحریروں پر بھروسہ کر کے اس دعاء کی زکوٰۃ و دعوت وغیرہ کا اہم کام نہیں کرنا چاہیئے۔ مرشد کی موجودگی میں کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ مرشد ہر قسم کے نقصان کو سنبھال سکتا ہے۔ کیونکہ یہ دعاء اسم بامسمّٰی ہے۔

ذرا سی بے احتیاطی میں رجعت کا خوف ہے۔ اس لئے اس دعا کو ورد سادہ ہی رکھنا بہتر ہے۔ سادہ پڑھنے میں بھی بے شمار فوائد ہیں۔

اور وہ اس طرح ہے کہ ہر روز بعد نمازِ فجر وقت معین کر کے صرف دعائے مذکور ایک بار یا تین بار یا سات بار ہمیشہ پڑھتا رہے۔ اور جو ہر روز غسل کر کے مع دعا اعتصام واختتام ساتھ پڑھے اولیٰ ہے لیکن اعتصام و اختتام صرف ایک ہی دفعہ پڑھنا چاہئے ہر دفعہ اعتصام و اختتام پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

بعض عارفین نے لکھا ہے کہ ایک سال تک بلاناغہ ایک مرتبہ روزانہ دعائے سیفی پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ اور اس لئے سوائے گائے کے گوشت کے زیادہ پرہیز بھی نہیں ہے اور جو کسی خاص مطلب کے لئے پڑھنا چاہے تو زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد دعوت دے اور موافق اپنے مطلب کے محلِ اجابت واشارات پر دعائے مقررہ پڑھتا رہے اور دن اور وقت کا بھی خیال رکھے۔

مثلاً اگر قتلِ اعداء کے لئے پڑھنا ہو تو روز و ساعتِ زحل یا مریخ میں پڑھے حصولِ علم و تالیف کے لئے روز و ساعتِ مشتری میں کرے عزت و جاہ کے لئے روز و ساعتِ شمس میں دعوت دے۔ کاروبار دنیا و تسخیر اُمراء کے لئے روز و ساعت زہرہ میں اور محبت و تجارت کے لئے روز و ساعت عطارد میں اور دوستی و اصلاح کار کیلئے روز و ساعت قمر میں دعوتِ عمل دے اور بہنگامِ تلاوت عُودِ خام عنبر، مشک، زعفران اور لادن وزن برابر گلاب میں گولیاں بنا کر بخور کرے۔ اور زکوٰۃ کے پورا ہونے کے بعد ایک گوسفند سفید یا سُرخ جو کہ حلال کمائی سے خریدی گئی ہو۔ ذبح کر کے فقراء کو تقسیم کرے۔ اور دعوت کے اختتام پر ڈیڑھ سیر یا تین سیر گندم کا سیدہ بانٹے۔

Marfat.com

اوّل طریق زکوٰۃ

(از طریق و معمول حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ)

یہ تین طرح پر ہے۔ صغیر۔ متوسط۔ کبیر۔ دعوتِ صغیر اکتالیس ۴۱ بار۔ دعوت متوسط چار سو اکتالیس ۴۴۱ بار اور دعوتِ کبیر ایک ہزار ایک ۱۰۰۱ بار ہے۔ اگر نصاب صغیر دینا چاہے۔ ایک روز میں بعد ادائے شرائط یعنی غسل۔ دوگانہ وغیرہ جس کا بیان آگے آئے گا۔ اکتالیس ۴۱ دفعہ پڑھے۔ اور نصابِ متوسط اکیس ۲۱ روز میں اکیس ۲۱ دفعہ روز پڑھ کر پورا کرے۔ اور نصابِ کبیر چالیس روز میں اس طرح پڑھے۔ کہ انتالیس ۳۹ دن تک پچیس پچیس دفعہ اور چالیس دن چالیس روز چھبیس ۲۶ دفعہ پڑھ کر ایک ہزار ایک بار پورا کرے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اور حضرت غوث الاعظم پیرانِ پیر سے منقول ہے کہ اگر سات روز میں سنتالیس دفعہ پڑھے۔ یعنی چھ روز تک سات سات دفعہ اور ساتویں روز پانچ دفعہ پڑھے تو بھی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

طریق زکوٰۃ دینے کا یہ ہے:

کہ ہر روز بعد نمازِ فجر غسل کر کے زیرِ سایہ آسمان اوّل دوگانہ تحیۃ الوضو ادا کرے۔ پھر دو دوگانہ اس تفصیل سے کہ۔

Marfat.com

پہلا دوگانہ: بروحِ پاک حضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم۔

دوسرا دوگانہ: جملہ انبیاء علیہم السلام۔

تیسرا دوگانہ: بروح پاک حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

چوتھا دوگانہ: جملہ مشائخ رضوان اللہ کے لئے۔

پانچواں دوگانہ: اپنے پیرو مرشد کی ارواح کو۔ اگر زندہ ہوں تو اُن کی سلامتی کے لئے پڑھے۔

چھٹا دوگانہ: بارواحِ پیراں سلسلہ شطاریہ یا حضرت محمد غوث گوالیاری یا جس سے دعوت کی اجازت حاصل ہوئی ہو۔ پڑھ کر سو دفعہ درود شریف پڑھے۔ پھر دعائے سیفی شروع کرے۔ اور جس طریق سے ہم نے بیان کیا ہے اتمام کو پہنچائے۔

ایک اور ترکیب یہ ہے کہ بعد شرائط معمولی غسل وغیرہ کے چالیس دن۔ خواہ ستر دن یا اس سے بھی زیادہ تین چلوں میں ایک ہزار پانچ سو پچیس دفعہ اس طریق سے پڑھے کہ تین سو دفعہ بہ نیت نصاب اور ڈیڑھ ڈیڑھ سو دفعہ بہ نیت زکوٰۃ و عشر و قفل پڑھے۔

پھر تین سو دفعہ بہ نیت دَور مدور۔ تیس دفعہ بہ نیت بذل پڑھے۔

پھر بائیس دفعہ بہ نیت ختم اور چار سو تیس دفعہ بہ نیت اجابت روزانہ حساب کر کے تقسیم کرلے۔ پھر دعوت کی طرف رجوع ہو۔

دعوت کے طریق بھی کئی ہیں۔ اور ہر دن کا ضابطہ جُدا ہے۔

مہماتِ جمالی کے لئے عروج ماہ ساعتِ مشتری میں سات روز تک سات سات دفعہ پڑھنا۔

Marfat.com

قتل و ویرانی اعداء کے لئے نزولِ ماہ ساعتِ زحل یا مریخ میں آٹھ روز تک آٹھ دفعہ روز پڑھنا چاہیئے۔ ایامِ دعوت اور پڑھنے کی تعداد غسل وادائے دوگانہ و بخور وغیرہ کی ترکیب تقریباً ویسی ہی ہے۔ جیسا کہ طریقہ، زکوٰۃ میں بیان کی جاچکی ہے۔ صرف ادا سے دوگانہ کے وقت ایک دوگانہ شکرانہ اور ایک دوگانہ قضائے حاجت سر برہنہ کر کے زیادہ پڑھا جائے گا۔ اور تسو مرتبہ درُود شریف کے بعد سات بار یا تین۳ بار دُعائے سیفی معہ ایک ایک بار اعتصام واختتام کے اکتالیس۴۱ روز تک پڑھنا۔ اور قبل پڑھنے کے تین روز روزہ رکھنا ہوگا۔ اور یوم شروع مہماتِ جمالی کے لئے دوشنبہ اور مہماتِ جلالی کے لئے سہ شنبہ و مشترک مہمات کے لئے یکشنبہ مقرر کرنا ہوگا۔ اور پرہیز معمولی یعنی رزقِ حلال۔ ہمیشہ سچ بولنا۔ کم کھانا۔ کم گفتگو کرنا۔ ترکِ حیوانات۔ ملبوساتِ مشتبہ وریشم ترک کرنا۔ اور ترکِ محرمات اور ایک شخص معین سے کھانے پینے کا انتظام وبغیر آتش سرگین پانی گرم کرنا یا کھانا پکانا۔ گوشت و مچھلی وانڈہ وشہد، عنبر، مشک۔ ہینگ۔ لہسن۔ پیاز، روغن۔ گاؤ۔ سرکہ، نمک سانبر و خرما و دیگر میوہ جات جن میں کیڑا لگ گیا ہو۔ اور فصد و ناخن و بال کٹوانا۔ یا کسی جانور کا مارنا اور انڈے کا توڑنا۔ گوشت کا سونگھنا و دیکھنا۔ کپڑا صابن سے دھونا۔ درخت کا کاٹنا اور عورت سے نزدیکی کرنا۔ یہ سب باتیں منع ہیں۔

روغنِ کنجد۔ قندسیاہ کہ مورچہ وغیرہ سے صاف ہو۔ اور نمک سنگ کا استعمال جائز ہے۔ اور دعوت شروع کرنے سے پہلے چوبی یا فولادی غیر مستعمل چھری

سے سورۂ فاتحہ اور سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص اور معوذتین اور آیۃ الکرسی ایک ایک بار پڑھ کر ایک دم سے اپنے گرد کئی حلقے کھینچے۔ اور یہ حصار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔

حصار یہ ہے:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ دہ ہزار گرد بہ گردِ من آہنی حصار بار۔ خانہ من خلیل حصار پیراں و پیغمبراں برمن ۔ بارِ خدایا! مرا نگہدار ۔ قفل من لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کلیدِ من مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ ثمان الرحمٰن ابر ثمان الرحیم حیث ثمان یا ججیثا یا ججیثا یا ججیثا یا حَافِظُ یا حَافِظُ یا حَافِظُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تَحَصَّنْتُ بِذِى الْمَلَكُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِذِى الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ دَخَلْتُ فِىْ حِرْزِ اللّٰهِ وَفِىْ حِفْظِ اللّٰهِ وَفِىْ اَمَانِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَيٰسٓ وَبِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

اگر کسی ضرورت سے تجدیدِ وضو وغیرہ کے لئے دائرہ سے باہر نکلنا ہو تو ایک طرف سے محو کر کے نکلے۔ اور داخل ہوتے وقت از سرِ نو دائرہ کھینچے۔ اگر ہنگام دعوت کوئی مہیب صورت نظر آتے۔ خوف نہ کرے۔ بلکہ باوازِ بلند پڑھنا شروع کرے۔ اور حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ کو بصورت آفتاب

Marfat.com

تصور کر کے پناہ چاہے اور خاطر جمع رکھے کہ اندرونِ دائرہ کوئی مضرت نہیں پہنچ سکتی۔

ایک ترکیب میں اس طرح لکھا ہے کہ شروع میں اعتصام سے پہلے نادِ علی اور یا غیاثی یعنی اکتالیسواں اسم چہل اسماء کا اور دعائے کاشف الغم یعنی اَللّٰھُمَّ یَا کَاشِفَ الْغَمِّ وَ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ فَرِّجْ ھَمَّنَا وَاکْشِفْ غَمَّنَا وَاَھْلِکْ اَعْدَآئَنَا بھی ایک ایک یا تین تین مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ اور پڑھتے وقت مراد کو دل میں خیال رکھنا چاہیے۔ بعدہٗ سجدے میں جا کر تضرع و زاری حاجت روائی کی دعا مانگے۔ اس کے بعد اعتصام و چاروں قُل شریف پڑھ کر دعائے سیفی شروع کرے۔ جتنی مرتبہ پڑھنی ہو۔ تمام کر کے اختتام پڑھے۔ اور اثنائے پڑھنے میں محلِ اجابت و اشارات پر اپنے مطلب کے موافق بطریقِ ذیل عمل کرتا رہے۔

محلِ اجابت

اگرچہ اس دعائے متبرکہ میں بہت سے مقامات محلِ اجابتِ دعاء کے ہیں۔ اور بزرگوں نے ہر ایک مطلب کے لئے جدا جدا دعائیں مناسب اس مقام کے اور حاجت کے تجویز کی ہیں۔ جن سب کا بیان کرنا تو بات کو طویل کرنا ہے۔ اس لئے بعض ضروری و مفید اشارات جو اکثر امورِ دینی و دنیوی میں معمول بہ ہیں، یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ اور دعاء میں بھی بعض ضروری اشارات

Marfat.com

لکھ دیتے ہیں۔ جو صاحب وِرد رکھیں۔ خواہ کسی مطلب کے لئے پڑھیں، خدا چاہے کامیاب ہوں گے۔

اشارہ اوّل

شروع دعا میں جب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الخ پر پہنچے آسمان کی طرف منہ کرکے تین بار تکرار کرے۔ اور سات مرتبہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ الخ کہے اور تین مرتبہ سُبْحٰنَکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الخ (اوّل اسم چہل اسماء) کہے۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک دفعہ یہ دعا پڑھے۔

دعا یہ ہے:-

اِلٰهِیْ بِحَقِّ سِرِّ هٰذَا الْاَسْرَارِ وَبِحَقِّ کُمُوْنِکَ الْخَفِیِّ وَبِحَقِّ اِسْمِکَ الْاَعْظَمِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ اَهْلِ عِنَایَتِکَ وَاَسْئَلُکَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَاتِیْ۔ اور دل میں حاجت کا خیال کرے۔

بعض نسخوں میں لفظ اَسْئَلُکَ کے بعد اس طرح ہے اَنْ تَقْضِیَ لَنَا حَاجَتِیْ کُلَّهَا یَا مَنْ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ۔

اور مہمات جمالی یعنی کشود کار کے لئے یَا فَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِیْ فَتْحِ فَتْحِکَ یَا فَتَّاحُ پڑھے۔ اور امورِ جلالی یعنی مقہوری اع وغیرہ کے لئے یَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ وَالْقَهْرُ فِیْ قَهْرِ قَهْرِکَ یَا قَهَّارُ پڑ

اور تباہی دشمن کا دل میں خیال کرے۔ اور جب لفظ اِحْسَانِکَ پر پہنچے
تو بھی آسمان کی طرف نظر کر کے تین بار تکرار کرے۔ اور حاجت کا خیال دل میں
لائے۔ اور جب لفظ نَاصِرٌ پر پہنچے۔ سات دفعہ یا تین دفعہ یا ایک دفعہ
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ کہے۔ اور ایک بار
درود پڑھے۔ جب لفظ شَفَیْتَ لِیْ اَمْرَاضِیْ پر پہنچے تو تین بار کہے اور
شفاء مریض کے لئے دس بار رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ
کہے۔ اور جب لفظ کَمْ شَمَتَّ بِیْ اَعْدَائِیْ پر پہنچے۔ مقہوری اعداء کیلئے
گیارہ بار یَا رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دشمن کی
صورت کا تصوّر کرے۔ اور ہاتھ کو زمین پر مارے۔ پھر اسی طرح گیارہ دفعہ
پڑھ کر بائیں ہاتھ کو بتصوّرِ صورتِ دشمن زمین پر مارے۔ اور جلدی سے
لفظ وَمَا رَمَیْتَ مِنْ تَمَامِہٖ کہہ کر دو رکعت نماز بہ نیّت قتلِ عدو پڑھے۔
پہلی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ اِذَا زُلْزِلَتْ سورت اکتالیس ۴۱ بار اور دوسری
رکعت میں بعد فاتحہ سورۃ تَبَّتْ اکتالیس بار پڑھے۔ اور بعد سلام سجدے
میں جا کر گیارہ بار حَسْبِیَ اللّٰہُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ
کہے۔ اور پھر سجدے میں سے سر اٹھا کر تین سو ساٹھ ۳۶۰ دفعہ یہ دعا پڑھے۔
یَا بَدِیْعُ السَّیْفِ اُقْتُلْ عَدُوِّیْ بِحَقِّ یَا قَہَّارُ تَقَہَّرْتَ بِالْقَہْرِ
وَالْقَہْرُ فِیْ قَہْرِ قَہْرِکَ یَا قَہَّارُ بعدہٗ اکتالیس اکتالیس ۴۱ بار یَا قَاہِرُ
ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الخ اور مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ
رَمٰی پڑھے۔ اور جب کَفَیْتَنِیْ شَرَّ مَنْ عَادَانِیْ پر پہنچے۔ چار مرتبہ تکرار

کرے۔ اور جب لفظ مَحْرُوْسًا لَکَ فِی الرِّدَاءِ پر پہنچے۔ دایاں پاؤں اور بایاں ہاتھ زمین پر مارے۔ (گویا دشمن کے سر پر)۔ اور جب لفظ فِی الْمَنَعَتِ وَالدِّفَاعِ پر پہنچے۔ سات بار تکرار کرے۔ اور ایک دفعہ اِلٰھِیْ بِحَقِّ سِرِّ ھٰذِہِ الْاَسْرَارِ الخ کہے۔ اور حاجت دل میں خیال کرے کہ درمیان دو عین یعنی وَالدِّفَاعِ وَعَنِّیْ کے محلِ اجابت ہے۔

بعض کے نزدیک منجملہ پنج محل اصل اشارات سے۔ اور جب فَاِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ پر پہنچے۔ تو بائیں پاؤں اور داہنا ہاتھ زمین پر مارے۔

اگر حاجتِ جمالی ہو۔ تو یَا بَاسِطُ تَبَسَّطْتَ بِالْبَسْطِ وَالْبَسْطُ فِیْ بَسْطِ بَسْطِکَ یَا بَاسِطُ۔

اگر حاجت جلالی ہو، تو یَا قَابِضُ تَقَبَّضْتَ الخ کہے۔ اور تین بار درود شریف اور سات بار کلمہ طیبہ پڑھ کر دوگانہ کُنْ فَیَکُوْنُ ادا کرے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا تا تُرْجَعُوْنَ پڑھے۔ اور بعد سلام کے سات بار یَا عَظِیْمُ ذَا الثَّنَآءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَاءِ پڑھے۔ اور حاجت چاہے۔ اور بعض نسخوں میں اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا مِثْلَ مَا حَمِدْتَ بِہٖ نَفْسَکَ کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ دعا۔ اِلٰھِیْ بِحَقِّ ھٰذَا الْاَسْرَارِ الخ اور یَا قَابِضُ وَ یَا بَاسِطُ وغیرہ کا پڑھنا۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، لکھا ہوا ہے۔ اور جَمِیْعُ الْحَامِدِیْنَ پر اپنی حاجت کا خیال کرنا چاہیے۔

اور جب مقام اَعْطَیْتَنِیْ مِنْ رِزْقِكَ پر پہنچے۔ آسمان کی طرف نظر کرکے فراخی رزق کے لئے یَا رَزَّاقُ تَوَرَّثْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِیْ رِزْقِیْ رِزْقِكَ گیارہ بار پڑھے۔

اور جب لفظ وَالْمُرْسَلِیْنَ پر پہنچے۔ رویت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے دو رکعت نفل بہ نیت نذر جناب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس ترکیب سے ادا کرے کہ دونوں رکعت میں بعد فاتحہ یعنی اَلْحَمْد کے ننانوے ننانوے دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ اور بعد سلام کے سجدہ میں جا کر تین بار سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ کہے اور حاجت چاہے۔ اور سر اٹھا کر اکتالیس دفعہ یہ درود پڑھے۔

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی بَدَنِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَشْخَاصِ وَصَلِّ عَلٰی نَفْسِ مُحَمَّدٍ فِی النُّفُوْسِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰی رَوْضَةِ مُحَمَّدٍ فِی الرِّضْوَانِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی صَاحِبِ التَّاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْاَلَمِ ط جَسَدُهٗ مُطَهَّرٌ مُنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ شَفِیْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ فَخْرِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ مَوْلَانَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

Marfat.com

عَلَیْہِ وَسَلِّمْ یَا اَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

جو چاہے زیارتِ نبوی ؐ سے مشرف ہو۔ لیکن یہ عمل عشاء کے بعد بہتر ہے۔

بعد فراغ کسی سے بات نہ کرے اور سو رہے۔ اور لفظ یَھْدِیْنَ عَلٰی پر پہنچے۔ تو لفظ اٰخِرَ ابِھَا تک اور کیف تُشْتُوْنِیْ سے مِنْ عِنْدِکَ تک تین تین مرتبہ کہے اور لفظ مُبْدِعُ الرَّفِیْعُ پر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی منہ پر ملے۔ اور لفظ وَالشَّھَادَۃُ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ پر دونوں ہاتھ اٹھا کر اِلٰھِیْ بِحَقِّ سَرْمَدِہٖ الخ پڑھے کہ نزدیک بعض کے یہ تیسرا محل اجابت کا ہے۔

حاجتِ جمالی کے لئے یَا لَطِیْفُ الخ پڑھے۔

اور حاجتِ جلالی کے لئے یَا خَافِضُ الخ پڑھے۔

اور گم شدہ چیز کے لئے لفظ وَلَا یَمْلِکُوْنَ مِنْکَ اِلَّا مَا تُرِیْدُ پر سر سینہ تین مرتبہ اسم یَا مُبْدِعُ الْکِبْرِیَاءِ الخ پڑھے۔ اور بِالْعِزِّ وَالْعَلَاءِ پر کہ محل اشارہ چہارم ہے، اِلٰھِیْ بِحَقِّ الخ پڑھے۔

اگر حاجت جمالی ہو۔ یَا عَزِیْزُ الخ پڑھے۔

اگر حاجت جلالی ہو تو یَا مُذِلُّ الخ پڑھے۔ اور لفظ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ پر زیارت آنحضرت ؐ کے لئے دو رکعت نماز بعد فاتحہ یعنی الحمد شریف کے

سورۂ مزمل اور بعد سلام اکتالیس ۴۱ بار درود شریف پڑھے اور تمنع پر حاجت
کا خیال کر کے عَنِّی کہے۔

اور لفظ دقائق العظیم پر کشائش و دولتمندی کا خیال دل میں لائے
اور فَاِنَّكَ یُحْیِیْ سے وجی لم تورث الحیٰوۃ تک تین بار کہے۔ اور اپنی یا کسی
اور کی ازدیادِ عمر کا خیال دل میں لائے تو بڑی عمر ہو۔ اور لفظ جَمِیْعَ خَلْقِكَ
پر دُعا اِلٰھِیْ بِحَقِّ ھٰذَا الخ پڑھ کر حاجت کا خیال کرے۔ حاجتِ جمالی
میں یَا دَھَّابُ الخ کہے۔

اور حاجتِ جلالی میں یَا جَبَّارُ الخ کہے۔ اور فَتَمِّمْ اِحْسَانَكَ پر
آسمان کی طرف نظر کر کے ۳ مرتبہ تکرار کرے۔ اور حاجت کا خیال دل میں لائے
اور فِیْمَا مَضٰی پر اِلٰھِیْ بِحَقِّ الخ کہے۔
اور خلاصی محبوس کے لئے دل میں دُعا مانگے۔ اور لفظ قَدْ رَبُّكَ وَاِحْسَانَكَ
پر دیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دو رکعت نفل اور درُود شریف پڑھے
جیسا کہ اوپر بیان ہُوا۔ اور جب اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ پر پہنچے۔ تو تین
بار نادِ علیؓ پڑھ کر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے امداد کا خواستگار ہو۔ اور جو بہ نیّت
جلالی قتلِ اعداء وغیرہ کے لئے پڑھے۔ تو تین ۳ مرتبہ لَا فَتٰی اِلَّا عَلِیْ لَا سَیْفَ
اِلَّا ذُوالْفِقَارُ اور تین بار مَا رَمَیْتَ مَنْ بَغٰی عَلٰی بِسْمِ اللّٰہِ وَسَیْفِہِ
الْقَاتِلُ کہے۔ اور جب مقام فَتَمِّمْہُ لِیْ پر پہنچے۔

رفع ہم و غم کے لئے یہ دُعا پڑھے۔ دُعا یہ ہے:

اِلٰھِیْ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَاَخِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَبِیْہِ وَجَدِّہٖ وَبَنِیْہِ

فَرِّجْ عَنِّیْ مَا اَنَا فِیْہِ۔ اور لفظ بِالْاِجَابَۃِ جِدًّا پر سجدہ میں جاکر حاجت چاہے۔ اور لفظ کُنْ فَیَکُوْنُ کو سات بار تکرار کرے۔ اور دل میں حاجت چاہے۔ اسی طرح اور کتنے ہی مقامات واشارات ہیں۔ پس طالب کو چاہیے کہ جس مطلب کے لئے پڑھے۔ اس مطلب کے موافق اشارات عمل میں لائے۔ زکوٰۃ میں یا وِرد کے طور پر پڑھنے میں کل اشارات ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔ وظیفہ میں صرف پانچ محلِ اجابت مشہورہ کے عمل کرے۔ تو حاجاتِ دین ودنیوی روا ہوتی رہیں۔

دیگر فوائد دُعائے سیفی؛

مقہوری اعداء۔ ودفع سحر ودیو وپری ونظر بد وحشرات الارض وسباعِ درندہ۔ تسخیر خلائق۔ دوستی۔ دشمنی۔ زبان بندی۔ تسخیر دُزدان۔ ادائے قرض امراضِ صعب وغیرہ کے لئے روزانہ پڑھنا اور لکھ کر پاس رکھنا معمولات سے ہے۔ اور مہربانی حاکم کے لئے بعد غسل ولباس پاکیزہ ایک مرتبہ پڑھ کر بغیر کلام کئے حاکم سے برو جانا اور نزدیک پہنچ کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ کہنا مجربات سے ہے۔

دیگر۔ مہمّات اہم کے لئے

چہارشنبہ۔ پنجشنبہ۔ جمعہ کو روزہ رکھے۔ اور شبِ شنبہ کو سونے سے پہلے دو رکعت نفل میں بعد فاتحہ پچیس دفعہ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ

مَخْرَجًا وَّ یَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا اور ایک دفعہ دعائے موصوف پڑھ کر سو رہے۔ تدارک اس کا خواب میں معلوم ہو جاوے اور مہم آسان ہو۔

اور جو شب جمعہ کو بعد نصف شب بعد ادائے دوگانہ اور تشو مرتبہ درود شریف کے تین دفعہ پڑھے۔ کیسا ہی دشوار کام ہو، آسان ہو جاتے۔

اسی طرح جدائی دو شخصوں کے لئے پرانی قبر کی مٹی پر ایک دفعہ پڑھ کر دونوں میں سے ایک کے دروازے پر گاڑے۔ اُن میں علیحدگی ہو جاتے۔

اسی طرح جدائی دو شخصوں کے لئے پرانی قبر کی مٹی پر ایک دفعہ پڑھ کر دونوں میں سے ایک کے دروازے پر گاڑے۔ اُن میں علیحدگی ہو جاتے۔

اور جو ہلاکتِ دشمن کے لئے موسم بہار میں اکتالیس ۴۱ دانہ گندم کو زعفران یا نیل کے پانی میں تین شبانہ روز بھگوئے۔ اور فولادی چھری اُس کے نیچے رکھے۔ اس کے بعد نابالغ لڑکی کے ہاتھ کے کتے ہوئے سوت کے ڈورے میں ہر ایک دانہ گندم پہ ایک ایک دفعہ پڑھ کر پروئے۔ اور خشک و بے ثمر درخت میں مشرق کی طرف لٹکاوے۔ اور کچھ خیرات کرے۔ دشمن تباہ و برباد ہو جاوے۔ جس گھر میں یہ دُعا ہو۔ وہ گھر آفات۔ ہوا زرد۔ آگ اور پانی سے محفوظ رہے۔

دیگر۔ انسان و وحوش کا تابع فرمان کرنا

جو کوئی اس دُعا۔ کو زعفران و مشک و آبِ باراں یا گلاب سے پوستِ

آہو پر لکھے۔ اور موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ انسان و وحوش اُس کے تابع فرمان ہوں۔

دیگر۔ علاج بیمار و مایوس العلاج مریضوں کے لئے

بیمار مایوس العلاج کو چینی کی رکابی پر زعفران و گلاب سے لکھ کر پلانا اور نام مرد کو چالیس روز برابر پڑھنا۔ اور لکھ کر بازو پر باندھنا۔

حُبّ کے لئے!

اور محبت کے لئے تین روز روزہ رکھے۔ اور افطار کے وقت خانہ محبوب کی طرف منہ کر کے ایک دفعہ پڑھے۔ اور بعد ختم کے یہ دعا مانگے:

اِلٰهِیْ لَئِنْ تُلَوِّ بِهٖ وَ اَرْزُقْنِیْ مَا فِیْ قَلْبِیْ وَ نَجِّنِیْ مِنْ هٰذَا الْغَمِّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○

دیگر۔ دفع افلاس و فقر و فاقہ کے لئے

اکتالیس روز تک برابر بعد غسل دو دوگانہ کے جس کی ہر رکعت میں بعد الحمد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھنی چاہیے اور بعد سلام کے دس بار درود شریف پڑھ کر ایک دفعہ دعائے سیفی پڑھے تو تونگر ہو جائے۔

۵

66010 ۲۴۴۱۲

Marfat.com

دیگر۔ تسخیرِ جنّات کیلئے

مغرب کے بعد جنگل میں بعد غسل ولباس پاکیزہ وخوشبو لگا کر اوّل آیۃ الکرسی اور چاروں قل اپنے اوپر دم کرے۔ بعد ادائے دوگانہ کے ایک فولادی چھری سے اپنے گرد حلقہ کھینچے اور قُلْ اُوْحِیَ یعنی سورۂ جنّ باآوازِ بلند پڑھ کر دعا شروع کرے۔ اور ہیبت ناک صورتوں سے نہ ڈرے۔ اور نہ اُن کی بات کا جواب دے۔ یہاں تک کہ بادشاہِ جنّات آوے۔ جو کچھ مطلب ہو اُس سے بیان کرے۔

Marfat.com

اِعتصام

دعائے سیفی!

ﷺ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ	السَّمِيْعِ	الْعَلِيْمِ
میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کیساتھ	جو سننے والا	جاننے والا ہے،

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِؕ

شیطان مردود سے۔

بِسْمِ اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِؕ
شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے	جو رحمٰن	اور رحیم ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى

پاک ہے پروردگار میرا جو بزرگ و برتر ہے۔

اَلْوَهَّابُ	يَا رَبُّ	يَا رَحْمٰنُ
بخشنے والا ہے	اے پروردگار	اے رحمٰن

Marfat.com

یَا رَحِیْمُ	یَا سَتَّارُ	یَا غَفَّارُ
اے رحیم	اے عیب چھپانے والے	اے معاف کرنے والے
یَا رَزَّاقُ	یَا فَتَّاحُ	یَا کَرِیْمُ
اے رزق دینے والے	اے کشائش کرنے والے	اے بخشش کرنے والے
یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ	اَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ	
اے ذات کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے	تو ہی پروردگار ہے تمام عالمین کا !	
اِیَّاکَ نَعْبُدُ	وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ	
ہم تجھ ہی کو پوجتے ہیں	اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ۔	
یَا حَمِیْدُ	اَنْتَ الْمَحْمُوْدُ	وَ
اے لائق تعریف	تو ہی تعریف کیا گیا ہے	اور
رَبُّنَا الْمَعْبُوْدُ	یَا وَدُوْدُ !	
ہمارا معبود پروردگار ہے !	اے محبت کرنے والے	

Marfat.com

أَنْتَ الْمَوْدُوْدُ وَفَضْلُكَ الْمَعْهُوْدُ

تو ہی ہے محبت کیا ہوا اور تیری ہی فضیلت مقرر ہے

یَا بَرُّ أَنْتَ الْبَارُّ وَبِرُّكَ الْمَوْرُوْدُ

اے نیک تو ہی نیکی کرنے والا ہے اور تیری ہی نیکی وارد کی ہوئی ہے

وَخَيْرُكَ الْمَشْهُوْدُ يَا حَيُّ

اور تیری ہی خیر موجود ہے۔ اے زندہ رہنے والے

كُنْتَ حَيًّا حِيْنَ لَا حَيُّ وَتَكُوْنَ

تو ہی زندہ تھا جب کوئی زندہ نہیں تھا اور تو ہی زندہ

حَيًّا حِيْنَ لَا حَيُّ يَا قَآئِمُ أَنْتَ

رہے گا جب کوئی زندہ نہیں رہے گا اے قائم رہنے والے تو ہی

الْقَآئِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ

قائم ہے ہر ذی روح پر بدلے اسکے جو اس نے کمایا

Marfat.com

وَتُجَازِي بِمَا عَمِلَتْ	يَاذَا الْجَلَالِ
اور بدلہ دے گا جو کچھ وہ کرے گا	اے بزرگی اور

وَالْاِكْرَامِ	يَاجَمِيْلُ	اَنْتَ الْمُجْمِلُ
شان والے !	اے خوبی والے	تو ہی خوبی بخشنے والا اور

الْجَلِيْلُ	فَلَا يُحَقُّ	هٰذَا الْاِسْمُ
بزرگی دینے والا ہے	پس نہیں کوئی لائق	اس اسم کے

اِلَّا لَكَ	وَلَا يَلِيْقُ	اِلَّا بِكَ	اَنْتَ
سوائے تیرے	اور نہیں ہے لیاقت کسی میں	مگر تیرے ساتھ	تو بڑا

الْاَكْرَمُ الْكَرِيْمُ	وَاَنْتَ الْجَوَّادُ
کرم کرنیوالا کریم ہے	اور تو ہی بخشش کرنیوالا ۔ نعمت

الْمُنْعِمُ	وَخَيْرُكَ كَثِيْرٌ
دینے والا ہے	اور تیری بھلائی زیادہ ہے ۔

Marfat.com

وَفَضْلُكَ كَبِيْرٌ	وَاِحْسَانُكَ قَدِيْمٌ
اور تیرا فضل بہت بڑا ہے	اور تیرا احسان پرانا ہے ۔

وَاَنْتَ	رَبُّنَا رَحِيْمٌ	يَا عَظِيْمُ
اور تو	ہمارا رب رحیم ہے	اے بزرگ !
لَكَ الْعَظَمَةُ	وَالْبَهَآءُ	يَا كَبِيْرُ
تیرے لئے عظمت ہے	اور بڑائی ہے ۔	اے بڑے
اَلْمُتَكَبِّرُ	لَكَ النَّعْمَآءُ	وَالْكِبْرِيَآءُ
تو ہی بڑائی کرنے والا ہے	تیرے ہی لئے نعمتیں	اور بڑائیاں ہیں
لَا يَنْبَغِيْ	لِاَحَدٍ الْخُشُوْعُ	اِلَّا لَكَ
نہیں ہے لائق	واسطے کسی کے خشوع و خضوع	سوائے تیرے
وَالتَّوَكُّلُ	وَالْاِعْتِصَامُ	اِلَّا بِكَ
اور توکل	اور اعتصام نہیں ہے	مگر ساتھ تیرے

Marfat.com

وَالتَّفْوِيْضُ اِلَّا اِلَيْكَ يَا فَرْدُ

اور نہیں سپردگی مگر تیری طرف اے یکتا

يَا وِتْرُ اَنْتَ الرَّبُّ وَكُلُّنَا

اے اکیلے تو ہے پالنے والا اور ہم سب

لَكَ الْعَبْدُ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَلَا

تیرے غلام ہیں نہیں ہے کوئی شریک تیرا اور نہیں ہے

يَدْعُوْلَكَ وَالِدًا وَّلَا وَلَدًا

کوئی دعوی کرنیوالا واسطے تیرے والد اور ولد ہونے کا۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَاقِيْ

اے زندہ رہنے والے اے قائم رہنے والے اے باقی رہنے والے

كُلٌّ اِلَيْكَ وَلَا يَجْرِي الْفَنَاءُ ط

ہر شے تیری طرف ہے اور نہیں جاری ہوئی فنا

Marfat.com

وَلَا الزَّوَالُ عَلَیْكَ		یَا بَارِیُٔ
اور نہ زوال تجھ پر		اے پیدا کرنے والے
یَا مُصَوِّرُ	اَحْدَثْتَ كُلَّ شَیْءٍ	
اے تصویر بنانے والے	پیدا کیا تُونے	ہر چیز کو،
سِوَاكَ	كَمَا اَرَدْتَ	وَبَرَأْتَ
سوائے اپنے	جیسا تُونے چاہا	اور ظاہر کیا تُونے
وَبَدَأْتَ	فَاَحْكَمْتَ	وَصَوَّرْتَ
اور شروع کیا تُونے	پس تُونے مستحکم کیا	اور تُونے تصویر بنائی
وَخَلَقْتَ	فَاَحْسَنْتَ	وَسَوَّیْتَ
اور تُونے پیدا کیا	تُونے حُسن عطا کیا	اور اپنے کام کو
فِعْلَكَ	یَا وَاحِدُ	یَا اَحَدُ
تُونے درست کیا	١٠ اے اکیلے	اے یکتا

لَا شَرِيكَ لَكَ	وَلَا شَبَهَ لَكَ	وَلَا
نہیں ہے شریک واسطے تیرے	اور نہ کوئی مثل تیری ہے	اور نہ
مِثْلَ لَكَ	وَلَا نَظِيرَ لَكَ	يَا غَنِيُّ
کوئی مثل ہے واسطے تیرے	اور نہ کوئی نظیر (مثال) ہے واسطے تیرے	اے بے پرواہ
وَلَا وَزِيرَ لَكَ	وَلَا مُشِيرَ لَكَ	وَلَا
اور نہ تیرا کوئی وزیر ہے	اور نہ تیرا کوئی مشیر ہے	اور نہ
مُعِينَ لَكَ	وَلَا ظَهِيرَ لَكَ	يَا مَاجِدُ
تیرا کوئی مددگار ہے	اور نہ ہی کوئی تیرا پشت پناہ ہے	اے بزرگ
يَا مَجِيدُ لَكَ الْمَجْدُ كُلُّهُ		وَلَكَ
اے بڑا! تیرے لئے بڑائی ہے تمام		اور تیرے
الْحَمْدُ	كُلُّهُ وَلَكَ الْخَلْقُ	كُلُّهُ
لئے حمد ہے	تمام اور تیرے واسطے ہی مخلوق ہے	تمام

Marfat.com

وَإِلَيْكَ	يُرْجَعُ الْأُمُوْرُ	كُلُّهُ
اور طرف تیری	لوٹیں گے کام	تمام
وَأَسْئَلُكَ	مِنَ الْخَيْرِ	كُلِّهِ
اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے	بھلائی	تمام
وَأَعُوْذُبِكَ	مِنَ الشَّرِّ	كُلِّهِ
اور میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ	شر سے	تمام کے تمام
يَا قُدُّوْسُ	يَا سُبُّوْحُ	أَنْتَ
اے پاک	اے پاکیزہ	تو
الْمُنَزَّهُ	عَنِ النَّقَائِصِ	وَالْمَصَائِبِ
پاک ہے	تمام خامیوں سے	اور مصیبتوں سے
وَالْمَرَاتِبِ	وَأَنْتَ الْمُعَظَّمُ	
اور مرتبوں سے	اور تو ہی بڑا ہے۔	

فِی الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ یَا عَلِیُّ

مشارق میں اور مغارب میں اے بلند

یَا مُتَعَالِیْ لَکَ الْعَلَآءُ وَالثَّنَاءُ

اے بلند تر تیرے لئے ہی بلندیاں ہیں اور تعریف ہے

وَمِنْکَ وَاِلَیْکَ یَنْتَہِی الْاَمَلُ

اور تجھ سے اور تیری طرف انتہا ہوتی ہے امیدوں کی

اُنْتِہَآءُ الْاَمْرِ وَالرَّجَا یَا اَوَّلُ

انتہا امور کی اور آرزوؤں کی اے پہلے

یَا اٰخِرُ لَا بِدَایَۃَ لَکَ وَلَا

اے آخری نہ ہی تیری ابتدا ہے اور نہ ہی

اِنْتِہَآءَ لَکَ یَا قَادِرُ یَا قَدِیْرُ

تیری انتہا ہے اے طاقت والے اے قدرت والے

Marfat.com

يَا مُقْتَدِرُ	لَا قُدْرَتَ	اِلَّا لَكَ
اے قدرت بخشنے والے	نہیں ہے طاقت	سوائے تیرے
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ	اِلَّا بِكَ	يَا وَاجِدُ
نہیں ہے طاقت پھر نیکی اور نہیں ہے طاقت گناہ سے بچنیکی	مگر ساتھ تیرے	اے ہمیشہ رہنے والے
لَا وَجُدُ	اِلَّا مِنْكَ	وَلَا غِنَاءَ
نہیں ہے ہمیشگی	مگر تجھی سے	اور نہیں ہے بے پروائی
لِاَحَدٍ غَيْرُكَ	يَا سَمِيْعُ	يَا بَصِيْرُ
کسی کے لئے سوائے تیرے	اے سننے والے	اے دیکھنے والے
يَا عَلِيْمُ	تَسْمَعُ النَّجْوٰى	وَتَعْلَمُ
اے جاننے والے	تو سنتا ہے پوشیدہ باتوں کو	اور تو جانتا ہی
الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى		يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ
ظاہر کو اور جو کچھ چھپا ہوا ہے		اے پیدا کرنے والے آسمانوں

Marfat.com

وَالْاَرْضِ	فَطَرْتَ	فَابْدَعْتَ
اور زمینوں کو	پیدا کیا تو نے	پھر آغاز کیا تو نے
وَصَنَعْتَ	وَاَحْسَنْتَ	وَخَلَقْتَ
اور کاریگری کی تو نے	اور اچھی کاریگری کی تو نے	اور پیدا کیا تو نے
یَامَالِکُ	یَامَلِیْکُ	اَنْتَ الْمَلِکُ
اے مالک	اے بادشاہ	تو ہی شہنشاہ
اَلْقَدِیْمُ	وَالسُّلْطَانُ الْعَظِیْمُ	
قدیم ہے	اور زبردست بڑا بادشاہ ہے	
تُؤْتِی الْمُلْکَ	مَنْ تَشَآءُ	تَا کُلِّ
دیتا ہے تو ملک	جس کو چاہتا ہے ۔	یہاں تک کہ ہر
شَیْءٍ قَدِیْرُہٗ	یَاعَزِیْزُ	یَاحَکِیْمُ
چیز پر قادر ہے	اے غالب	اے حکمران

Marfat.com

تَحْكُمُ بِالْعَدْلِ وَتَقْضِىْ بِالْحَقِّ

تو حکم دیتا ہے ساتھ عدل کے اور تو فیصلہ کرتا ہے ساتھ حق کے

وَاَنْتَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ يَا قَاهِرُ

اور تو اچھا فیصلہ کرنے والا ہے اے زبردست

يَا قَهَّارُ يَا قَائِمُ قَدْ قَهَرْتَ

اے بہت زبردست اے قائم رہنے والے تحقیق تو نے مغلوب کیا ۔

عِبَادَكَ بِالْفَنَاءِ يَا مُغِيْثُ

اپنے بندوں کو ساتھ فنا کے اے فریاد رس !

يَا حَسِيْبُ يَا جَلِيْلُ يَا مُقْتَدِرُ

اے حساب لینے والے ! اے بزرگ ! اے قدرت بخشنے والے

تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ يَا مُحِيْطُ

کرتا ہے تو جو تو چاہتا ہے اے احاطہ کرنیوالے

يَا رَقِيْبُ	يَا مَنْ اَحَاطَ	بِكُلِّ شَيْءٍ
اے نگہبان	اے وہ ذات جس نے احاطہ کیا	ہر چیز کا

عِلْمًا	وَّاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا
ساتھ علم کے	اور شمار کیا ہر چیز کو گنتی کے لحاظ سے

وَدَبَّرْتَ الْاُمُوْرَ	كُلَّهَا	بِحِكْمَتِكَ
اور تدبیر کی تُو نے اُمور	تمام کے تمام کی	ساتھ اپنی حکمت کے

وَاَمْسَكَ السَّمَآءَ	وَالْاَرْضَ
اور تھام رکھا ہے آسمان کو	اور زمین کو ،

بِقُدْرَتِكَ	يَا بَاعِثُ	يَا وَارِثُ
اپنی طاقت کے ساتھ	اے اُٹھانے والے	اے وارث !

تَرِثُ الْاَرْضَ	وَمَنْ عَلَيْهَا
تُو وارث ہے زمین کا	اور جو کوئی اس پر ہے ،

Marfat.com

وَاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ۝	وَاَنْتَ تَبْعَثُ
اور تو بہترین وارث ہے	اور تو ہی اٹھائے گا

مَنْ فِي الْقُبُوْرِ	لِتُحَاسِبَهُمْ	وَاَنْتَ
جو قبروں میں ہے	تاکہ تو اُن سے حساب لے	اور تو

اَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ ۝	يَا وَاسِعَ الْمُلْكِ
بہت جلد حساب لینے والا ہے	اے وسیع بادشاہی والے

وَالْعِلْمِ وَالرَّحْمَةِ	لَا يَخْرُجُ	مِنْ
اور علم والے اور رحمت والے	نہیں نکل سکتی	تیری

سُلْطَانِكَ	شَيْءٌ وَّلَا تُعْجِزُكَ
بادشاہی سے	کوئی چیز اور نہ عاجز کر سکتی ہے تجھ کو

شَيْءٌ وَّرَحْمَتُكَ	وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ
کوئی چیز اور تیری رحمت نے	فراخ کر دیا ہے ہر چیز کو

Marfat.com

یَاحَقُّ	یَامُبِیْنُ	اَنْتَ الْمَلِکُ الْحَقُّ
اے سچے	اے کھلم کھلا	تو بادشاہ ہے سچا
الْمُبِیْنُ	وَسُلْطَانُکَ	الْعَظِیْمُ
اور کھلم کھلا	اور تیری بادشاہی	بڑی ہے
وَقَوْلُکَ الْحَقُّ		وَوَعْدُکَ الصِّدْقُ
اور تیری بات سچ ہے		اور تیرا وعدہ سچ ہے۔
وَلَا تُخْلِفُ مِیْعَادَکَ		وَلَا تَظْلِمُ
اور نہیں خلاف ورزی کرتا تو اپنے وعدوں کی		اور نہ ظلم کرتا ہے تو
عِبَادَکَ	یَاذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ	یَغَنِیُّ
اپنے بندوں پر	اے مضبوط قوت والے	اے بے پرواہ
یَامُغْنِیُّ	اَنْتَ الْغَنِیُّ	وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ
اے بے پرواہ کرنیوالے	تو ہی بے پرواہ ہے	اور ہم محتاج ہیں

Marfat.com

اَنْتَ الْقَوِیُّ وَنَحْنُ الضُّعَفَآءُ

تو طاقت ور ہے اور ہم کمزور ہیں ۔

لَا قَوِیَّ اِلَّا مَنْ قَوَّیْتَهٗ وَلَا غَنِیَّ

نہیں ہے کوئی طاقتور مگر جس کو تُو نے قوت دی اور نہیں ہے کوئی بے پرواہ

اِلَّا مَنْ اَغْنَیْتَهٗ یَا خَالِقُ یَا خَلَّاقُ

مگر جس کو تُو بے پرواہ کرے اے پیدا کرنیوالے اے بڑا پیدا کرنے والے

وَاَنْتَ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ وَاَنْتَ

اور تُو بہترین پیدا کرنے والا ہے اور تُو ہی

اَحْکَمُ الْحٰکِمِیْنَ لَا خَالِقُ لِلْخَلْقِ

سب سے بڑا حکمران ہے نہیں ہے کوئی پیدا کرنیوالا مخلوق کو

غَیْرُکَ وَلَا مُدَبِّرُ لِلْخَلْقِ

سوائے تیرے اور نہیں کوئی تدبیر کرنیوالا مخلوق کے لئے

سِوَاكَ	يَا ظَاهِرُ	يَا بَاطِنُ
سوائے تیرے	اے ظاہر	اے پوشیدہ !

يَا ذَا الْمَعَارِجِ	تَعْرُجُ اِلَيْكَ	اَرْوَاحُنَا
اے بلندی کے مالک !	بلند ہوتی ہیں طرف تیری	ہماری رُوحیں

وَقَدَّرْتَ اٰجَالَنَا	يَا مُحْصِيْ	اَحْصَيْتَ
اور مقرر کردی ہیں تُو نے ہماری عمریں	اے شمار کرنے والے	شمار کیا تُو نے

اَنْفَاسَنَا	وَاَكْسَابَنَا	وَاَدْرَكْتَ	اَسْرَارَنَا
ہماری سانسوں کو	اور ہماری کمائیوں کو	اور تجھے ادراک ہے	ہماری پوشیدہ

وَاَعْلَانَنَا	يَا حَافِظُ	يَا خَافِظُ	يَا رَافِعُ
اور ظاہری باتوں کا	اے حفاظت کرنیوالے	اے پست کرنیوالے	اے بلند کرنے والے

اَنْتَ الْمُقَدِّمُ	وَالْمُؤَخِّرُ	وَتَخْفِضُ	مَنْ
تُو ہی ہے آگے کرنے والا	اور پیچھے کرنے والا	اور پست کرتا ہے تُو	جس کو

Marfat.com

تشاء مقهرًا | وترفع | من تشاء قدرًا

چاہتا ہے اپنے غصہ سے | اور بلند کرتا ہے تو | جسے چاہتا ہے اپنی طاقت سے

من رفعته | ارتفع | ومن وضعته

جس کو تو نے بلند کیا | بلند ہوا | اور جس کو تو نے پست کیا

اتضع | ومن اكرمته | لم يهن | يا رافع

وہ پست ہوا | اور جس کو تو نے عزت بخشی | نہ توہین ہوئی اسکی | اے بلند کرنیوالے

الدرجات | لك الاسماء الحسنى | والامثال

درجات کے | تیرے ہی لئے ہیں اچھے نام | اور مثالیں

العليا | يا ذا العرش المجيد | يا مبدئ

بڑی بڑی | اے عرش عظیم کے مالک | اے شروع کرنے والے

يا معيد | يا رحمن | يا رحيم

اے لوٹانے والے | اے رحمان | اے رحیم ؛

Marfat.com

اِرْحَمْنَا	یَا مُؤْمِنُ	اٰمَنَّا	یَا مُهَیْمِنُ
ہم پر رحم کر	اے ایمان عطا کرنیوالے	ہم ایمان لائے تجھ پر	اے نگہبان
یَا جَبَّارُ	اَجْبُرْنَا	یَا سَلَامُ	اَسْلِمْنَا
اے جوڑنے والے	جوڑ ہم کو	اے سلامت رکھنے والے	سلامت رکھ ہم کو

یَا غَفَّارُ	یَا غَفُوْرُ	اِغْفِرْ لَنَا
اے بخشنے والے	اے معاف کرنیوالے	معاف کر ہم کو
یَا رَزَّاقُ	اُرْزُقْنَا	یَا رَءُوْفُ
اے رزق دینے والے	رزق دے ہم کو	اے مہربانی کرنے والے!
اُرْءُفْ بِنَا	یَا عَفُوُّ	عَافِنَا
مہربانی کر ہمارے ساتھ	اے بردبار	بردباری کر ہمارے ساتھ
وَاعْفُ عَنَّا	یَا لَطِیْفُ	اُلْطُفْ بِنَا
اور چشم پوشی کر ہم سے	اے مہربان	مہربانی کر ہمارے ساتھ

Marfat.com

یَا حَلِیْمُ	اُحْلُمْ عَنَّا	یَا حَافِظُ	
اے نرمی کرنے والے	نرمی کر ہم سے	اے حفاظت کرنے والے	
یَا حَفِیْظُ	اِحْفِظْنَا	یَا عَزِیْزُ	
اے حفاظت کرنیوالے	حفاظت کر ہماری	اے غالب !	
یَا مُعِزُّ	اَعِزَّنَا	یَا صَبُوْرُ	صَبِّرْنَا
اے عزّت دینوالے	عزّت دے ہم کو	اے صبر دینے والے	صبر دے ہم کو
یَا نَصِیْرُ	اُنْصُرْنَا	یَا مُغِیْثُ	
اے مدد کرنے والے	مدد کر ہماری	اے فریاد رس !	
اَغِثْنَا	یَا کَافِیْ	اِکْفِنَا	یَا وَالِیْ قِنَا
فریاد رسی کر ہماری	اے کافی	کفایت کر میری	اے مالک مجھے بچا
یَا وَالِیْ	یَا مُتَوَالِیْ	یَا وَلِیُّ	یَا مَوْلَا
اے آقا	اے حاکم	اے دوست	اے میرے مو

كُوْلَنَا يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ اُمْنُنْ

مجھے والی کر — اے نرمی کرنے والے — اے احسان کرنے والے — احسان کر

عَلَيْنَا يَا كَرِيْمُ اَكْرِمْنَا وَلَا تُكْرِمْ

ہم پر — اے کرم کرنے والے — کرم کر ہم پر — اور نہ مہربانی مت کر

عَلَيْنَا يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيْنَا يَا

ہم پر — اے توبہ قبول کرنیوالے — توبہ قبول کر ہماری — اے

ذَالْفَضْلِ تَفَضَّلْ عَلَيْنَا يَا

فضیلت والے — فضیلت دے ہم کو — اے

ذَالطَّوْلِ تَطَوَّلْ عَلَيْنَا يَا قَابِلَ

طاقت والے — طاقت دے ہم کو — اے توبہ قبول

التَّوْبِ اِقْبِلْ تَوْبَتَنَا يَا دَائِمُ

کرنے والے — قبول کر ہماری توبہ — اے ہمیشہ رہنیوالے

Marfat.com

اَدِمِ النِّعْمَاءَ	عَلَيْنَا	يَا هَادِىْ
ہمیشہ رکھ نعمتیں	ہم پر	اے ہدایت دینے والے
اِهْدِنَا	يَا وَهَّابُ	يَا رَشِيْدُ
ہدایت دے ہم کو	اے بخشنے والے	اے رہنما
هَبْ لَنَا	مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً	
بخش ہمارے لئے	اپنی طرف سے رحمت	
وَهَيِّئْ لَنَا	مِنْ اَمْرِنَا	رَشَدًا
اور سنوار دے ہمارے لئے	ہمارے اُمور سے	بھلائی
يَا نُوْرُ	نَوِّرْ قُلُوْبَنَا	يَا وَكِيْلُ
اے نور (روشنی)	روشن کر ہمارے دِلوں کو	اے کارساز
لَا تَكِلْنَا	اِلٰى اَنْفُسِنَا	يَا جَامِعُ
نہ محتاج کر ہم کو	ہمارے نفسوں کی طرف	اے جمع کرنے والے

اُجْمَعْ	عَلَى الْهُدٰى	اُمُوْرَنَا	يَا نَافِعُ
جمع کر	اوپر ہدایت کے	ہمارے امور کو	اے نفع بخشنے والے
اِنْفَعْنَا	بِمَا عَلَّمْتَنَا	وَبَارِكْ لَنَا	
نفع دے ہم کو	ساتھ اس چیز کے جو تُو نے سکھایا	اور برکت کر ہمارے لئے	
فِيْمَا	اَعْطَيْتَنَا	يَا مَنْ يَّضُرُّ	وَ
اس چیز میں	جو تُو نے ہمیں عطا کیا	اے وہ ذات جو نقصان پہنچاتا	اور
يَنْفَعُ	وَيُعْطِىْ	وَيَمْنَعُ	اُمْنُنْ
نفع دیتا ہے	اور عطا کرتا ہے	اور روکتا ہے	احسان کر
عَلَيْنَا	بِالْخَيْرِ	وَالرِّضَاءِ	وَالْاَمْنِ
ہم پر	بھلائی کے ساتھ	اور رضامندی	اور احسان کے ساتھ
فِى السِّرِّ	وَاحْفَظْنَا	مِنَ الضَّرَّآءِ	
پوشیدگی میں	اور حفاظت کر ہماری	تکالیف سے	

Marfat.com

وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ	اِنَّكَ سَمِيْعُ	
اور دشمنوں کی خوشی سے	بیشک تو سننے والا ہے	
النِّدَآءِ	وَمُجِيْبُ الدُّعَآءِ	يَا شَكُوْرُ
پکار کا	اور قبول کرنے والا ہے دعاء کا	اے شکر قبول کرنیوالے
اَنْتَ الشَّكُوْرُ	اِجْعَلْنَا	مِنَ الشّٰكِرِيْنَ
تو ہی شکر قبول کرتا ہے	بنا ہم کو	شکر کرنے والوں سے
يَا صَمَدُ	قَدْ صَمَدْنَاكَ	بِحَاجَتِنَا
اے بے نیاز	ہم محتاج ہیں تیرے	اپنی حاجات کے ساتھ
فَلَا تُرِدْنَا	خَاسِئِيْنَ	يَا مُجِيْبُ
پس نہ لوٹا ہم کو	مایوس ہونے والے	اے قبول کرنے والے
اِسْتَجِبْ دُعَآءَنَا	يَا قَرِيْبُ قَرِّبْ	
قبول کر ہماری دعاء	اے قریب کرنے والے قریب ہو	

Marfat.com

بِرَحْمَتِكَ مِنَّا	يَا مُقْسِطُ	اَنْتَ
اپنی رحمت کے ساتھ ہم سے	اے برابر کرنے والے	تو
الْقَائِمُ	فَوْقَ الْمُقْسِطِيْنَ	وَاَصْلِحْ
قائم ہے	انصاف کرنے والوں پر !	اور اصلاح کر
وَالْاَمْرُ	بِالْقِسْطِ	فَوْقَ الْقِسْطِ
اور امر کی	ساتھ انصاف کے	اوپر انصاف کے
وَالْمُنَزِّلُ كِتَابَكَ	بِالْقِسْطِ	فَوْقَ
اور نازل کرنیوالا ہے تو اپنی کتاب کو	ساتھ انصاف کے	اوپر
الْمُقْسِطِيْنَ	وَاَصْلِحِ الْقَاسِطِيْنَ	
انصاف کرنے والے کے	اور اصلاح کر ناانصافی کرنیوالوں کی	
وَنَجِّنَا	مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ	
اور نجات دے ہم کو	ظالمین کی قوم سے !	

Marfat.com

یَا غَافِرُ	اُرْزُقْنَا	عَدْلُ الْوِلَاتِ
اے معاف کرنے والے	رزق دے ہم کو	دوستوں کا عدل
وَجَنِّبْنَا	جَوَارَ الطُّغَاتِ	یَا بَاسِطُ
اور بچا ہم کو	نافرمان پڑوس سے	اسے فراخی
اَلْبَسْطِ	بِرَحْمَتِكَ عَلَيْنَا	يَا غَنِیُّ
بخشنے والے	فراخی کر اپنی رحمت کے ساتھ ہم پر	اے بے پرواہ
اَغْنِنَا عَنْ خَلْقِكَ	يَا فَتَّاحُ	
بے پرواہ کر ہم کو اپنی مخلوق سے	اے کھولنے والے	
اِفْتَحْ عَلَيْنَا	اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ	
کھول ہم پر	دروازے اپنی رحمت کے	

یَا وَلِیُّ	تَوَلَّنَا	بِحِفْظِكَ	وَ
اے دوست	نگرانی کر ہماری	ساتھ اپنی حفاظت کے	اور

حیاتِکَ	یَاشَہِیۡدُ	اَشۡہِدۡ عَلَیۡنَا
اتی نصیب کر	اے گواہی دینے والے	گواہ ہو ہم پر
توۡحِیۡدِکَ	وَعِبَادَتِکَ	یَامُحۡیِیۡ
ی توحید کے ساتھ	اور عبادت کے ساتھ	اے زندہ رکھنے والے
یَامُمِیۡتُ	اَحۡیِنَا	بِخَیۡرٍ وَّاَمِتۡنَا
اے مارنے والے	زندہ رکھ ہم کو	ساتھ بھلائی کے اور مار ہم کو

بِخَیۡرٍ وَّتَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ	وَاَلۡحِقۡنَا
ساتھ بھلائی کے اور فوت کر ہم کو مسلمان	اور ملا ہم کو

بِالصَّالِحِیۡنَ	وَاغۡفِرۡ لَنَا	یَوۡمَ الدِّیۡنِ
ساتھ صالحین کے	اور بخشش کر ہمارے لئے	روزِ قیامت
اِنَّکَ	خَیۡرُ الۡغَافِرِیۡنَ	وَصَلَّی اللّٰہُ
بیشک تو	بہتر بخشنے والا ہے	اور رحمتِ کاملہ ہو اللہ تعالیٰ

Marfat.com

عَلٰی سَیِّدِنَا	مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ	
ہمارے سردار	محمد مصطفیٰ اور آل	او
	اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝	
	اصحاب ، تمام پر ۔	

دُعائے سیفی

بِسْمِ اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے	جو بخشنے والا مہربان	اور رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ	اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِىْ
اے اللہ	تُو وہ برحق مالک ہے

لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اَنْتَ	اَنْتَ رَبِّىْ	وَاَنَا
نہیں کوئی معبود	مگر تُو	تُو میرا پروردگار ہے	اور مَیں

عَبْدُكَ	عَمِلْتُ سُوْءً	وَّظَلَمْتُ
تیرا بندہ ہُوں	مَیں نے بُرے کام کیے	اور ظلم کیا اپنے

نَفْسِىْ	وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِىْ	فَاغْفِرْلِىْ
نفس پر	اور اعتراف کیا مَیں نے اپنے گناہوں کا	پس معاف کر مجھے

Marfat.com

ذُنُوبِی	فَاِنَّہٗ	لَا یَغْفِرُ الذُّنُوبَ
میرے گناہ	بیشک	نہیں معاف کرتا گناہوں کو
اِلَّا اَنْتَ	یَا غَفُوْرُ	یَا شَکُوْرُ
مگر تُو	اے معاف کرنیوالے	اے شکر قبول کرنے وا
یَا حَلِیْمُ	یَا رَحِیْمُ	یَا کَرِیْمُ
اے بُردبار	اے رحم کرنیوالے	اے کرم کرنے والے
یَا حَنَّانُ	یَا مَنَّانُ	یَا دَیَّانُ
اے نرمی کرنے والے	اے احسان کرنیوالے	اے دان کرنے والے
یَا بُرْہَانُ	یَا سُبْحَانُ	یَا ذَا الْجَلَا
اے برحق رہنما	اے پاکیزہ	اے بزرگ
وَالْاِکْرَامِ	اَللّٰھُمَّ	اِنِّیْ اَحْمَدُکَ
اور شان والے	اے اللہ	مَیں تیری حمد کرتا ہوں

وَاَنْتَ لِلْحَمْدِ | اَهْلُ عَلٰى مَا

اور تو ہی واسطے حمد کے | لائق ہے اس پر کہ تو نے مجھے

خَصَّصْتَنِىْ بِهٖ | مِنْ مَوَاهِبِ

مخصوص کیا | ساتھ اس کے بخشش

الرَّغَائِبِ | وَاَوْصَلْتَ اِلَىَّ | مِنْ

پسندیدہ چیزوں کی | اور پہنچایا تو نے میری طرف | بہترین

فَضَائِلِ الصَّنَائِعِ | وَاَوْلَيْتَنِىْ | بِهٖ

صنعتوں سے | اور والی بنایا تو نے مجھ کو | ساتھ اس کے

مِنْ اِحْسَانِكَ | وَبَوَّاْتَنِىْ بِهٖ | مِنْ

اپنے احسان سے | اور جگہ دی تو نے مجھ کو | ساتھ

مُظَنَّةِ الصِّدْقِ | عِنْدَكَ | وَاَنَلْتَنِىْ

گمان سچ سچ کے | اپنی طرف سے | اور پہنچایا تو نے مجھ کو

Marfat.com

بِهٖ	مِنْ مَنِّكَ الْوَاصِلَةِ	اِلَىَّ	وَ
ساتھ اسکے	اپنے ملنے والے احسانات کے ساتھ	میری طرف	اور

اَحْسَنْتَ بِهٖ	اِلَىَّ	مِنْ اِنْدِفَاعِ
تُو نے احسان کیا اُس کے ساتھ	میری طرف	تکالیف کو ٹلنے سے

الْبَلِيَّةِ عَنِّىْ	وَالتَّوْفِيْقِ لِىْ	وَالْاِجَابَةِ
میری طرف	اور توفیق واسطے میرے	اور قبولیت

لِدُعَائِىْ	حِيْنَ	اُنَادِيْكَ	دَاعِيًا
میری دُعا کے واسطے	جب بھی	تجھے پکاروں	گڑگڑا کر

وَاُنَاجِيْكَ	رَاغِبًا	وَاَدْعُوْكَ
اور مَیں عاجزی کے ساتھ پکارتا ہوں تجھے	رغبت رکھنے والا ہوں	اور مَیں مانگتا ہوں تجھ سے

مُضَارِعًا	مُضَافِيًا	وَحِيْنَ
صاف دِل کے ساتھ	آہ وزاری کرتے ہوئے	اور اُسی وقت

Marfat.com

أَرْجُوكَ	رَاجِيًا	فَأَجِدُكَ
امید رکھتا ہوں تجھ سے	امید رکھنیوالا تمناں کا	پس میں تجھے پاتا ہوں

وَالُوذُبِكَ	فِي الْمَوَاطِنِ	كُلِّهَا
اور میں امیدوار رہتا ہوں ساتھ تیرے	ہر ایک مقام پر	تمام کے تمام

فَكُنْ لِّيْ	وَلِاَهْلِيْ	وَلِاِخْوَانِيْ
پس ہو جا تو میرے لئے	اور میرے گھر والوں کیلئے	اور میرے بھائیوں کے لئے

كُلِّهِمْ	جَارًا	حَاضِرًا	حَفِيًّا
تمام کے لئے	خبر رکھنے والا	موجود رہنے والا	مہربان رہنے والا

بَارًّا	وَلِيًّا	فِي الْاُمُوْرِ	كُلِّهَا
نیکی کرنے والا	اور والی	تمام امور میں	تمام کے تمام

نَاظِرًا	وَعَلَى الْاَعْدَآءِ	كُلِّهِمْ
نظر رکھنیوالا	اور اوپر دشمنوں کے	تمام کے تمام

Marfat.com

نَاصِرًا	وَّلِلْخَطَايَا وَالذُّنُوْبِ	كُلِّهَا
مدد کرنے والا	اور خطاؤں کیلئے اور گناہوں کے لئے	تمام کو

غَافِرًا	وَّلِلْعُيُوْبِ	كُلِّهَا	سَاتِرًا
بخشنے والا	اور عیوب	تمام کے تمام کو	ڈھانپنے والا

لَمْ اَعْدِمْ	عَوْنَكَ	وَبِرَّكَ	وَخَيْرَكَ
نہ گم پاؤں میں	تیری مدد کو	اور تیری نیکی کو	اور تیری بھلائی کو

لِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ مُنْذُ	اَنْزَلْتَنِيْ
میرے لئے ایک لحہ بھی جب سے	اتارا تو نے مجھ کو

دَارَ الْاِخْتِيَارِ	وَالْفِكْرِ	وَالْاِعْتِبَارِ
اختیار کے گھر میں	اور فکر	اور اعتبار کے گھر میں

وَالتَّنْظُرْ اِلَىَّ	فِيْمَا اُقَدِّمُ اِلَيْكَ
اور نظر رکھ تُو طرف میری	اُس چیز میں جو میں تیری طرف بھیجتا ہُوں

Marfat.com

لِدَارِ الْقَرَارِ	فَاَنَا عَتِيْقُكَ	يَا مَوْلَائِيْ
سکون کے گھر کے لیے	میں تیرا آزاد کردہ غلام ہوں	اے میرے مولا
مِنْ جَمِيْعِ الْمُضَارِّ		وَالْمُضَالِّ
تمام تکالیف سے		اور گمراہیوں سے
وَالْمَصَائِبِ	وَالْمَعَائِبِ	وَاللَّوَازِبِ
اور مصیبتوں سے	اور عیبوں سے	اور تکلیفوں سے
وَالْهُمُوْمِ	وَاللَّوَازِمِ	وَالْهُمُوْمِ
اور رنجشوں سے	اور آفتوں سے	اور اُن رنجشوں
اَلَّتِيْ قَدْ	سَاوَرَتْنِيْ	فِيْهَا الْغُمُوْمُ
سے	جنھوں نے گھیر لیا ہے مجھ کو	اس میں آفتوں نے
بِمَعَارِيْضِ	اَصْنَافِ الْبَلَاءِ	وَ
وجود میں آنے والی	مصیبتوں کی تمام قسمیں	اور

Marfat.com

ضُرُوْبِ	جَهْدِ الْقَضَاۤءِ	
مارا جانا	قضاء کے فیصلے سے	
لَا اَذْكُرُ مِنْكَ	اِلَّا الْجَمِيْلَ	وَلَمْ
نہیں ذکر کرتا میں تجھ سے	سوائے اچھائی کے	اور نہیں
اَرَ مِنْكَ	اِلَّا التَّفْضِيْلَ	خَيْرُكَ لِيْ
دیکھتا میں تجھ سے	سوائے بخشش کے	تیری بھلائی میرے لئے
شَامِلٌ	وَصُنْعُكَ	لِيْ كَامِلٌ
شامل ہے	اور تیری نیکی	میرے لئے کامل ہے
وَلُطْفُكَ	لِيْ كَافِلٌ	وَفَضْلُكَ عَلَيَّ
اور تیری مہربانی	میرے لئے کافی ہے	اور تیری فضیلت مجھ پر
مُتَوَاتِرٌ	وَنِعَمُكَ	عِنْدِيْ مُتَّصِلَةٌ
پے درپے ہے	اور تیری نعمت	میرے پاس موجود ہے

Marfat.com

وَاَیَادِیْكَ	لَدَیَّ	مُتَظَاهِرَةٌ
اور تیری بخششیں	مجھ پر	ظاہر ہیں ۔
لَمْ تُخْفِرْ	جَوَارِیْ	وَصَدَّقْتَ
تُو نے پناہ نہ دی	میرے پڑوس کو	اور سچّا کیا
رِجَائِیْ	وَصَاحَبْتَ	اَسْفَارِیْ
میری امیدوں کو	اور ساتھی بنا تُو	میرے سفروں کا
وَاَکْرَمْتَ	اَحْضَارِیْ	وَحَقَّقْتَ
اور کرم تُو نے کیا	میرے کھڑے ہونے میں	اور پورا کیا تُو نے
اٰمَالِیْ	وَشَفَیْتَ لِیْ	اَمْرَاضِیْ
میری امیدوں کو	اور شفا دی تُو نے مجھے	میری بیماریوں سے
وَعَافَیْتَ	مُنْقَلَبِیْ وَمَثْوَایْ	
اور تُو نے عافیت میں رکھا	میرے پھرنے اور قرار پکڑنے کی جگہ کو	

Marfat.com

وَلَمْ تُشْمِتْ بِیْ اَعْدَآئِیْ وَرَمَیْتَ

اور ناخوش کیا تُو نے میری ساتھ میرے دشمنوں کو اور مارا تُو نے اس کو

مَنْ رَمَانِیْ وَکَفَیْتَنِیْ شَرَّ مَنْ

جس نے مجھے مارا اور کافی ہُوا تو مجھ کو میرے دشمنوں

عَادَانِیْ فَحَمْدِیْ لَکَ وَاصِبٌ

کے شر سے پس میری تعریف تیرے لئے ہے ہمیشہ ہمیشہ

وَثَنَآئِیْ عَلَیْکَ مُتَوَاتِرٌ دَائِمٌ

اور میری ثناء تجھ پر پے در پے ہمیشہ ہے

مِنَ الدَّهْرِ اِلَى الدَّهْرِ بِاَلْوَانِ

زمانے سے ایک زمانے تک مختلف تسبیحوں

التَّسْبِیْحِ خَالِصًا لِذِکْرِکَ وَ

کے ساتھ خالص تیری یاد کے لئے اور

مَرْضِيًّا لَّكَ	بِنَاصِعِ التَّوْحِيْدِ	وَ
تیری رضامندی کے لئے	تیری توحید کی بنیادوں کے ساتھ	اور
إِخْلَاصِ التَّفْرِيْدِ	وَإِمْحَاضِ	
تیرے اخلاص کی فردیت کے ساتھ	اور تیری حمد کی ستائش	
التَّحْمِيْدِ	بِطُوْلِ التَّعَبُّدِ	وَالتَّعْدِيْدِ
کے ساتھ	تیری طویل بندگی کے ساتھ	اور تیری قدرت کیساتھ
لَمْ نُعِنْ	فِيْ قُدْرَتِكَ	وَمَا تُشَارِكَ
نہیں مدد کرتے ہم	تیری قدرت میں	اور نہیں شریک کرتے
فِيْ إِلٰهِيَّتِكَ	وَلَمْ تَعْلَمْ	لَكَ مَائِيَّةٌ
تیری بندگی میں	اور نہیں جانتے ہم	تیرے لئے کسی
جو ظاہر ہے	پھر دیکھنے والا	ہوش

Marfat.com

وَاشُ	طُوطِیُ	طَاشُ	اَلَا اِلَی اللّٰہِ
واشُ	طُوطی	طاش	خبردار طرف اللہ کی

تُصِیْرُ الْاُمُوْرُ	اَللّٰھُمَّ	اِنِّیْ لَا اُحْسِنُ
لوٹتے ہیں تمام کے کام	اے اللہ	بیشک میں نہیں اچھا ہوں

شَیْئًا مِّنَ التَّدْبِیْرِ	اَللّٰھُمَّ	دَبِّرْلِیْ
کسی بھی تدبیر میں	اے اللہ	تدبیر کر میرے لئے

بِاَحْسَنِ التَّدْبِیْرِ	یَا دَلِیْلَ الْحَآئِرِیْنَ
بہترین تدبیر سے	اے گم کردہ راہوں کی دلیل

دَلِّ حَیْرَتِیْ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
دلیل بن میری گمراہی کی	اے اللہ	اے اللہ	اے اللہ

یَا حَلِیْمُ	یَا عَظِیْمُ	یَا حَیُّ	یَا قَیُّوْمُ
اے بردبار	اے بزرگ	اے زندہ رہنے والے	اے قائم رہنے والے

Marfat.com

يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ		يَامَالِكَ
اے بزرگی اور شان والے		اے مالک
يَوْمِ الدِّيْنِ	يَامَلِكَ الْمُلْكِ	دَبِّرْنِيْ
قیامت کے دن کے	اے ملک کے بادشاہ	تدبیر کر میری
بِاَحْسَنِ التَّدْبِيْرِ	وَخَيِّرْنِيْ	مِنْ
بہترین تدبیر کے ساتھ	اور بھلائی کر میرے لئے	تمام
جَمِيْعِ الْاُمُوْرِ	بِرَحْمَتِكَ	يَا اَرْحَمَ
کاموں سے	اپنی رحمت کے ساتھ	اے بہت
	الرَّاحِمِيْنَ	
	زیادہ رحم کرنے والے	

دیگر

اَللّٰهُمَّ يَا كَاشِفَ الْغَمِّ وَيَا مُجِيْبَ

اے اللہ اے دُور کرنے والے غم کے اور اے قبول کرنیوالے

دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ

پریشان کی دعاؤں کے اور اے راہ بتانے والے گمراہوں کے

وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ فَرِّجْ هَمَّنَا

اور اے فریادرسی کرنے والے فریادیوں کے دُور کر ہماری تکلیف کو

وَاكْشِفْ غَمَّنَا وَاَهْلِكْ اَعْدَآئَنَا

اور دُور کر ہمارے غم کو اور ہلاک کر ہمارے دشمنوں کو

Marfat.com

خاندان سیّد محبوب علی شاہ قادریہ۔ غوثیہ۔ سہروردیہ چشتیہ کے بزرگوں کے مستند اقوال اور طریقہ ہائے دعوت و اجابات وغیرہ برائے دُعائے سیفی!

مترجم کہتا ہے کہ دُعائے سیفی واقعتاً عجیب چیز ہے۔ اور بہت سے خواص رکھتی ہے۔ ایک بزرگ اپنے جامع میں اس کے خواص اور فضائل اور محلِ اوقاف اور اشارات۔ اصول و فروع عجیب طور سے مفصلاً تحریر فرماتے ہیں۔ کہ دُعائے سیفی افضل الادعیہ۔ مجرّب الاجابت۔ کثیرالبرکت۔ آیۃ من آیات اللہ ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ستر ہزار ملک اور ستر ہزار جنات اس دُعا کے خادم ہیں۔

جس وقت قاری اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ الْحَقُّ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ پڑھتا ہے۔ تو ملائکہ اور جنات تعظیماً لِلّٰہِ وَحُرْمَتِہٖ وَنَبِیِّہٖ وَعِزَّتِہٖ سجدہ کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں۔ رَبَّنَا اقْضِ حَاجَتَہٗ وَاسْتَجِبْ دُعَاءَہٗ۔

اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ کہ یہ دُعا سیف اللہ اور سہم اللہ وغیرہ سے موسوم ہے۔ اور ایک روایت میں یمین اللہ اور قسم اللہ۔ نور اللہ۔ وجہ الحق۔ قریب الحق۔ میثاق الحق حصن الاکبر

Marfat.com

محل الانوار۔ شرح فتح الآثار میں آیا ہے۔ اور ایک جماعت اہل اللہ نے اس سے فیض حاصل کیا ہے۔ یہ ایک عجیب چیز ہے۔

حضرت مسیح الاولیاء پیر دستگیر قدس اللہ سرہٗ واوصل الینا فیوضہٗ اپنے پیر کی زبان مبارک سے نقل فرماتے ہیں۔ کہ بندگی حضرت شیخ قدس اللہ سرہٗ العزیز کوہستانِ قلعہ چنار پر تیرہ برس اور سات مہینے اذکار و اشغال اور دعوتِ اسمائے عظام اور ادعیہ وغیرہ میں مشغول رہے۔ لیکن جو کیفیت اور تاثیر اس میں پائی کسی اور میں نہ پائی۔ اور فرماتے تھے کہ اگر مجھ کو اوّل ریاضت میں اس کی (دعائے سیفی) تاثیر اور حقیقت معلوم ہوتی تو دوسری چیزوں کے پڑھنے کا قصداً پابند نہ ہوتا۔ اور اسی کو پڑھتا۔ اور اس کے ذکر میں مشغول رہتا انتہائے کلام تک۔

چونکہ یہ دعاء سریع الاجابت ہے۔ اس واسطے بزرگانِ دین اس کو سینہ بسینہ رکھتے ہیں۔ اور جب عامل کو ہر طرح سے مؤدب اور پابندِ شریعت اور طریقت پاتے ہیں۔ اور اس کے اہل بھی دیکھتے ہیں۔ تب ارشاد فرماتے ہیں اور اجازت دیتے ہیں ورنہ ہرگز اجازت نہیں دیتے۔ اس واسطے میں پکار کر کہتا ہوں کہ بلا اجازت مرشدِ کامل وحصولِ لیاقت ہرگز ہرگز کوئی صاحب اس کی دعوت میں مشغول نہ ہوں۔ جو کوئی اس دعاء کی دعوت میں مشغول ہو۔ تو شرائط دعوت اور شرائط کامل کا پابند ہو اگر ترکِ جمالی نہ کر سکے تو مختار ہے۔ بہترین اوقات اس دعاء کے لئے تہجد کا وقت ہے اشراق تک۔ اور ایسی جگہ اختیار کرے کہ اثنائے قرأت میں عورت

Marfat.com

یا گننے کی آواز نہ سنائی دے۔ اگر احیاناً آواز آجائے تو اُس طرف مُطلق دھیان نہ کرے۔ اور ایک مصلّی کاغذ کا اتنا بڑا بنائے کہ اُس پر دوگانہ ادا ہو جائے اور حروف مقطعات سورۂ حق چاروں کونوں پر برابر تقسیم کرکے لکھے۔ اور لکھتے وقت اتنا لحاظ رکھے کہ قبلہ کی جانب سے اوّل لکھنا شروع کرے اور جانب راست ختم کرے۔ اس مصلّی پر بیٹھ کر قرأت شروع کرے۔ اور یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر شرائط تسخیر اور قتل اعداء کے لئے مصلّی کے بغیر قرأت کرے گا تو خطا پائے گا۔ اور دوسری حاجتوں کے لئے بے مصلّی بھی جائز ہے۔ اس میں زیاں نہیں۔ اُس مصلّی کی صورت یہ ہے:



مصلّی دعوت دُعائے سیفی

لیکن اثنائے دعوت میں ابتداء روزے کی اس طور پہ کرے۔ کہ چوتھا روز موافق اُس کی نیّت کے ہو۔

۱۔ چنانچہ بہ نیّت تنبیہہ و مقہوری اعداء۔ بروز زحل۔

۲۔ بہ نیّت عزت و حشمت بروز شمس۔

۳۔ بہ نیّت اصلاح معاملہ و معالجہ از زحمت و ملاقات یا امراء روز قمر۔

۴۔ بہ نیّت قتل و ہلاکت اعداء۔ روز مریخ۔

۵۔ بہ نیّت کاروبارِ دنیا و توجہ سلطان و حکام روز عطارد۔

۶۔ بہ نیّت حصولِ علم ظاہری و باطنی روز مشتری۔

Marfat.com

۷ - بہ نیت محبت و کارِ خیر و تجارت روز زہرہ -

عروجِ ماہ و نزولِ ماہ کا بھی خیال رکھے اور حالتِ شرائط میں عروج و نزولِ ماہ کی چنداں حاجت نہیں ہے - جب روز چہارم ہو تو بعد از اداۓ نمازِ فجر فراغ اورادِ قدیم طلوعِ آفتاب کے وقت غسل پاک کرے اور وضو کر کے دوگانہ تحیتہ الوضو ادا کرے - پھر ایک دوگانہ براۓ روحِ مطہر حضرت رسالتِ پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ایک دوگانہ بارواحِ انبیاء تمام اور ایک دوگانہ براۓ سلامتی حضرت خواجہ خضر اور ایک دوگانہ بروح حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ، ایک دوگانہ بارواح جمیع مشائخ - اور ایک دوگانہ بروح حضرت غوث الثقلین میراں محی الدین سید عبد القادر جیلانیؒ اور ایک دوگانہ بروح حضرت شیخ شہاب الدین مقتولؒ - ایک دوگانہ حضرت غوث العالم شیخ محمد غوثؒ - ایک دوگانہ بروح حضرت شیخ شکر محمد عارفؒ - ایک دوگانہ بروح مسیح الاولیاء ابو البرکت - عین العرفاء حضرت شیخ عیسٰی پیر دستگیر - ایک دوگانہ اپنے مرشد کی سلامتی کے لئے اگر زندہ ہو ورنہ روح کو ثواب پہنچائے - اور اس دوگانہ کی ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے - اور جس بزرگ کی روحِ طیبہ کو ثواب پہنچایا جاتا ہے - اس سے استمدادِ ہمت کرنا چاہئے -

اِن سب دوگانوں کے بعد سورۂ یٰسین تا سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ الرَّحِیۡمِ تک اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد آخر سورۃ تک پڑھے - اگر یٰسین یاد نہ ہو تو ہر رکعت میں اکتالیس اکتالیس بار سورۂ اخلاص پڑھے - اور یہ تمام دوگانے پہلے روز ادا کرے - باقی سب دنوں میں دوگانہ - اخیر یعنی دوگانہ بہ نیت قضائے

Marfat.com

حاجت پڑھا کرے۔ خواہ حالتِ شرائط ہو خواہ حالتِ دعوت۔ بعد دوگانہ اخیر حصار حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کہ اس کو مخمسِ حضرت امیر کہتے ہیں سات مرتبہ یا تین مرتبہ پڑھے۔ اور اپنے دونوں کفِ دست پر دم کرکے تمام اعضاء پر پھیرے۔

حصار مذکور یہ ہے!

اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ فَفَرَرْتُ اِلَی اللّٰهِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ حَسْبِیَ اللّٰهُ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَحَصَّنْتُ بِذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ دَخَلْتُ فِیْ حِرْزِ اللّٰهِ وَفِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْبَرِیَّةِ اَجْمَعِیْنَ بِحَقِّ کٰهٰیٰعٰصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

واضح ہو کہ اثنائے شرائط میں خاتم سیفی فقط اور دعوت میں حاجاتِ دینی کے لئے خاتمِ مذکور اور آئینہ اور مطلبِ دنیوی کے لئے خاتمِ مذکور اور تیغ یا تیر و کمان ہر روز اپنے روبرو رکھے۔ اور ان تینوں حالتوں میں بخورِ عنبر اور اگر اور لوبان کا کرے۔ اگر عنبر میسر نہ ہو بحکمِ ضرورت ان دونوں چیزوں کا بخور کرے۔ اور سر برہنہ کرکے بطرف رجال الغیب منہ کرکے کہے:

Marfat.com

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ وَیَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَةِ اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثَةٍ وَانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَةٍ یَا رُقَبَاءُ وَیَا نُقَبَاءُ وَیَا نُجَبَاءُ وَیَا اَبْدَالُ وَیَا اَوْتَادُ وَیَا اَقْطَابُ وَیَا قُطْبَ الْاَقْطَابِ اَمِدُّوْنِیْ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ سَلَّمَکُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

پھر رُو قبلہ ہو کر شرائط یا دعوت شروع کرے۔ بہ نیت شرائط صغرہ اکتالیس بار۔ بہ نیت شرائط اصغر چار سو چوالیس بار۔ بہ نیت شرائط کبیرہ ایک ہزار ایک بار اُنتیس روز میں ختم کرے۔ اور ہر روز پچیس بار اور چالیسویں روز چھبیس بار پڑھے۔ اور ان طریق ثلاثہ کے عین ادا کے وقت ہر روز بجہت محافظت چار بار اوّل میں اور تین بار آخر میں یا ایک بار اوّل اور ایک بار آخر میں تمام دعائیں بھی پڑھے۔ باقی تنہا دعا سہم اللہ پڑھے۔

اور بعض مشائخ بہ نیت شرائط یہ فرماتے ہیں کہ روز اوّل ایک بار۔ روز دوم دو بار۔ روز سوم تین بار۔ اسی طرح ایک ایک مرتبہ اضافہ کر کے چالیسویں روز چالیس بار پڑھے۔ پس اسی طرح ہر روز ایک ایک کم کر کے اسّی دِن میں ختم کرے۔ اور ان دونوں شرائطوں کے ادا کرنے کے بعد گوسفند سرخ، سلیم الاعضا وجہ حلال سے خریدے۔ اور ذبح کر کے اس کا گوشت فقرا کو تقسیم کرے۔ اگر آپ بھی اس میں سے کچھ کھا لیوے تو جائز ہے۔ اور اس کی کھال کسی درویش صالح کو دے۔ اور تمام استخوان اور آلائش و نجاست سب کی سب کسی سبز درخت کے نیچے دفن کرے۔ اور اس میں سے ذرا سا بھی کتا وغیرہ نہ کھانے پائے۔

Marfat.com

اور یاد رہے کہ گوسفند کا ذبح کرنا اور تعین ایام قرأۃ معین اِن ہی دو شرائطِ کبیرہ کے خواص سے ہے۔ بعد تمام ہونے شرائطِ اصغر نان و شیرینی حسبِ مقدور تین فقیروں کو برابر تقسیم کرے۔ جب ایک اِن شرطوں سے کوئی ایک شرط ادا کرے تو دعوت کی نیت سے پڑھے۔ مُدعا حاصل ہو۔ لیکن یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ گناہِ کبیرہ صادر ہونے کے بعد اگر توبہ کرے گا تو شرائطِ کبیرہ بحال رہتی ہیں۔ اور وہ دونوں شرائطیں بالکل زائل و ضائع ہوتی ہیں۔ جب تک از سرِ نو شرائط ادا نہ کرے۔ دعوت نہیں دی جا سکتی۔ اور نہ کوئی عمل کر سکتا ہے۔ مگر جو حسبتہً للہ پڑھے تو جائز ہے۔

اور بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ اگر ایک سال تک بلا ناغہ ہر روز ایک بار بطریقِ وِرد پڑھے تو کافی ہے۔ حاجت دوسری شرائط کی نہیں۔ اس مدت میں احتیاج۔ خلوت اور شرائطِ عامل کی بھی ضرورت نہیں۔ چنانچہ صاحبِ کشف الانوار فرماتے ہیں کہ اس مدّت میں کسی شرط کی حاجت نہیں مگر تعیّن وقت کی ضرورت ہے۔ اب طریقِ عملِ دعوت معلوم کرنا چاہیے۔

طریقِ عملِ دعوت یہ ہے

ہر روز ایک بار یا تین۳ بار یا سات بار یا اکتالیس۴۱ بار جس حاجت کیلئے چاہے، پڑھے۔ اور اکتالیس۴۱ روز تک معمول کرے۔ جس قدر قرأۃ زیادہ تعداد میں پڑھے، خوب ہوگا۔ دعوت تمام ہونے کے بعد کچھ صدقہ دے۔ جس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر ایک بار روز پڑھا ہے تو نیم من شرعی۔ اور اگر تین۳ بار قرأۃ کی ہے تو ایک مَن۔ اور اگر سات بار قرأۃ کی ہے تو ڈیڑھ من۔ اگر اکتالیس۴۱ بار پڑھے تو

Marfat.com

تین من ۔ اگر اتنی وسعت نہیں ہے۔ تو خیر ڈیڑھ من گیہوں کے آٹے کی روٹی پکوا کر گھی اور شکر ملا کر مالیدہ تیار کر کے فقرار کو تصدق کرے۔ فقط۔

واضح ہو کہ اس دعار (سیفی) کی قرآۃ میں چند جگہ وقف ہے۔ اور حضرت مسیح الاولیار قدس اللہ سرہ العزیز (اوصل الینا فیوضہ) نے اس ضعیف کو بتائے ہیں سو وہ یہ ہیں کہ جب لفظ مَصَائِبِنَا اور نَاصِرًا اور نَاظِرًا اور لِلْغُیُوْبِ سَاتِرًا اور مَسْوٰی اور لفظ مُتَحَیِّرًا پر پہنچے۔ وقف کرے۔

اور ایک جماعت اعزہ کی فرماتی ہے کہ جب لفظ مُتَّصِلَۃً اور مُجَانِسًا اور جَبَرُوْتَكَ اور وَالصِّفٰتِ اور وَالنَّهَارِ اور شُكْرُكَ اور مُتَعَالِیْ اور كَاشِحٌ اور اَحْمَدُكَ اور اَمْرُكَ اور مَا تُرِيْدُ اور اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ پر پہنچے تو اُن پر بھی وقف کرے۔ اور بعض حَمَلُ النُّفُوْسِ وَالْمُرْسَلِيْنَ پر بھی وقف کرتے ہیں۔

اب اشارہ کہ مراد اس سے محلِ اجابتِ دعار ہے

اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک اشارہ اصل کہ جامع جمیع حاجات ہے۔ دوسرا اشارہ فرع۔ کہ اس کو بھی اشارۂ حاجت کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ بھی بعض مرادوں میں شامل ہے۔

اشارۂ اصل

کہ جمہورِ اولیار کے نزدیک پانچ جگہ پر ہے۔ حسبِ مراد اس جگہ دعا۔

پڑھی جاتی ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے۔

اوّل

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ہے۔ اس جگہ پر یَا فَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِیْ فَتْحِ فَتْحِكَ یَا فَتَّاحُ اور یَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِیْ قَهْرِ قَهْرِكَ یَا قَهَّارُ پڑھے۔

دوم

اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ہے۔ اس جگہ پر یَا بَاسِطُ تَبَسَّطْتَ بِالْبَسْطِ وَالْبَسْطُ فِیْ بَسْطِ بَسْطِكَ یَا بَاسِطُ اور یَا قَابِضُ تَقَبَّضْتَ بِالْقَبْضِ وَالْقَبْضُ فِیْ قَبْضِ قَبْضِكَ یَا قَابِضُ پڑھے۔

سوم

یَا كَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ہے۔ اس جگہ پر یَا لَطِیْفُ تَلَطَّفْتَ بِاللُّطْفِ وَاللُّطْفُ فِیْ لُطْفِ لُطْفِكَ یَا لَطِیْفُ اور یَا خَافِضُ تَخَفَّضْتَ بِالْخَفْضِ وَالْخَفْضُ فِیْ خَفْضِ خَفْضِكَ یَا خَافِضُ پڑھے۔

چہارم

بِالْعِزِّ وَالْعُلَاءِ ہے۔ اس جگہ پر یَا عَزِیْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ

Marfat.com

فِی عِزَّۃِ عِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ اور یَا مُذِلُّ تَذَلَّلْتَ بِالذِّلَّۃِ وَالذِّلَّۃُ فِیْ ذِلَّۃِ ذِلَّتِکَ یَا مُذِلُّ پڑھے۔

پنجم

مِنْ خَلْقِکَ ہے۔ اس جگہ پر یَا وَھَّابُ تَوَھَّبْتَ بِالْوَھْبَۃِ وَالْوَھْبَۃُ فِیْ وَھْبَۃِ وَھْبَتِکَ یَا وَھَّابُ اور یَا جَبَّارُ تَجَبَّرْتَ بِالْجَبَرُوْتِ وَالْجَبَرُوْتُ فِیْ جَبَرُوْتِ جَبَرُوْتِکَ یَا جَبَّارُ پڑھے۔

دُعا کرنے والا

پس داعی کو لازم ہے کہ جب اِن اشاراتِ اصل پر پہنچے تو بموجب تحریر عمل کرے۔ اور دیگر پانچ اشارۂ اصل کہ معمولِ بندگی حضرت شیخ محمد غوث گوالیاری کے ہیں۔ ایک ان میں سے موافق جمہور اولیاء کے ہے۔ مگر بندگی حضرت شیخ اس جگہ پر مطلب کے لئے یَا غِیَاثِیْ پڑھتے تھے۔ یا دُعائے فتح یا قفل بحسب حاجت قرأۃ کرتے تھے۔ اور حضرت مسیح الاولیاء پیر دستگیر اس فقیر سے یہ بھی فرماتے تھے کہ اثنائے دعوت اور شرائط اور وظیفہ میں ہر محلِ اشاراتِ اصل پر باعتبارِ جمہور خواہ باعتبار حضرت شیخ محمد غوثؒ دو اسم جبروتی جمالی و جلالی دُعائے فتح کے ساتھ پڑھنے چاہئیں۔ اور دعائے فتح حضرت پیر دستگیر سے اس ضعیف کو اس طرح پہنچی ہے۔

دعائے فتح یہ ہے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ سِرِّ ھٰذِہِ الْاَسْرَارِ وَبِحَقِّ کَرَمِکَ الْخَفِیِّ وَبِحَقِّ اِسْمِکَ الْاَعْظَمِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ کُلَّھَا اِلٰہِیْ کَفٰی عِلْمُکَ عَنِ الْمَقَالِ وَکَفٰی کَرَمُکَ عَنِ السُّوَالِ بِحَقِّ یَامَنْ اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ کُنْ فَیَکُوْنُ کُنْ فَیَکُوْنُ۔

اور دعائے قتل یہ ہے

اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَ عَدُوِّیْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃٍ وَفَرِّقْ جَمْعَہٗ وَقَلِّبْ تَدْبِیْرَہٗ وَخَرِّبْ بُنْیَانَہٗ وَبَدِّلْ اَحْوَالَہٗ وَاقْطَعْ اَرْزَاقَہٗ وَقَرِّبْ اَجَلَہٗ وَشَغِّلْہُ بِبَدَنِہٖ وَخُذْہُ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ یَاجَبَّارُ یَاقَھَّارُ۔

حالتِ قرأت میں خیال افراد اعداء یا تثنیہ یا جمع اور مذکر و مؤنث کا دل میں رکھے۔ مشائخ رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہیں کہ ہر اَللّٰھُمَّ ایک اشارہ ہے۔ اور اُس کا حکم مثل اشارہ اصل ہے۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ نہیں۔ حکم ان کا مثل اشارہ فرع خفیہ کے ہے۔ اور حضرت شیخ زین الدین علی کلاہ فرماتے ہیں کہ ہر اَللّٰھُمَّ ایک اشارہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ اور صاحبِ تفسیر حسینی ہر اَللّٰھُمَّ کے میم میں ستتر اسمائے الٰہی سے تعبیر کرتے ہیں۔

اب اشاراتِ مذکور بہ ترتیب متن دعائے حرزِ مرتضوی کرم اللہ وجہہ بیان کئے جاتے ہیں:۔

داعی جب اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ الْحَقُّ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ کہے سات

بار کلمہ توحید پڑھ کر سجدے میں جاتے۔ تو ستر ہزار ملائکہ اُس کے ساتھ سجدے میں جائیں۔ اور اُس کے حق میں دعا کریں۔ سجدے میں سُبْحَانَ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ تین بار یا نو بار پڑھے۔ اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر ہاتھ دعا کے لیے اور آنکھ آسمان کی طرف اٹھائے۔ اور اسم جبروتی جمالی یا جلالی تین بار پڑھ کر ایک بار دعائے فتح یا قتل بحسب حاجت پڑھے۔ اور حق سبحانہٗ تعالیٰ سے اپنا مطلب چاہے۔ اور بقول بعض اعزہ جب لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ پر پہنچے نو بار اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ پڑھ کر سجدے میں جاتے۔ اور ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے۔ اور جیسا کہ لکھا گیا ہے اپنا معمول کرے۔ تا جملہ عالم علوی و سفلی اُس کے مطیع و منقاد ہوں۔ واضح ہو کہ جس جگہ ضمن اشارات میں کوئی اسم اسمائے عظام سے آئے۔ اُس کو برعایت تکرار پڑھنا چاہئے۔

اشارۂ فرع

ہر ایک اپنی جگہ پر مخصوص ہے۔ اگر اُس میں خلاف کرے گا۔ مثلاً بجائے محبت دعائے قتل اور بجائے قتل دعائے محبت پڑھے گا تو بے سود ہو گا۔ چونکہ اکثر اوراد میں ضبط مواضع اور اشارات کا نہیں کیا گیا ہے۔ یا بسبب سہو کاتبان تغیر و تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ تو اس وجہ سے پڑھنے والے ناکام رہتے ہیں۔ اور اس ضعیف کو بعد سعی و کاوش جو کچھ تحقیق سے پہنچا ہے۔ بضبط مواضع تحریر کرتا ہے۔ معلوم کرنا چاہیے کہ بعض اُن میں سے اشارات خفیہ ہیں اور وہ منفعت کے لئے چار جگہ پر ہوتے ہیں۔ درمیان تمن دعار صمصام دو عینوں کے درمیان واقع

پہلا اشارہ

درمیان وَالِدٍ فَاعْ عَنِّيْ۔

دُوسرا اشارہ

درمیان کُمْ تَسْنَعْ عَنِّيْ۔

تیسرا اشارہ

وَادْفَعْ عَنِّيْ۔

چوتھا اشارہ

اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ۔

پس جس وقت درمیان دو علموں کے پہنچے۔ تو یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ يَا لَطِيْفُ اَغِثْنِيْ وَاَدْرِكْنِيْ بِحَقِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ۔

اپنی مراد دل میں رکھے۔ زبان سے نہ کہے۔ اور نہ ہونٹ ہلائے۔ اور معرفت کے لئے سات مقام دو میموں کے درمیان واقع ہوتے ہیں۔

پہلا مقام

دَائِمٌ مِنَ الدَّهْرِ۔

Marfat.com

دوسرا مقام

کُلُّهُم مِنَ الحیوانات۔

تیسرا مقام

مَا اَعظَمَ مَا وَعدتنی۔

چوتھا مقام

وَاَقرَبُهُم مَنزِلَةً۔

پانچواں مقام

مِنَ الاَنَامِ مَا تَشَاءُ۔

چھٹا مقام

وَارزُقهُم مِنَ الطَّیِّبَاتِ۔

ساتواں مقام

اَللّٰهُمَّ مَا قَدَّرتَ لِی۔

جب دو میلوں کے درمیان پہنچے۔ تو دعاء دَمِیَت مِن بَغیٔ عَلَیَّ الخ۔

Marfat.com

پڑھ کر اپنا مطلب دل میں رکھے۔ اور ہونٹ نہ ہلائے۔

ایضاً

جب بمقام وَفِی الْاُمُوْرِ نَاصِرًا پر پہنچے۔ تو تین مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ تا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پڑھے۔ اور ایک بار درود شریف۔ تاکہ امور بستہ کی کشادگی ہو۔

ایضاً

بعد لفظ اِلَّا لِلتَّفْضِیْلِ حضرت مسیح الاولیاء پیر دستگیر تین مرتبہ وَلَمْ اَکُنْ بِدُعَائِکَ رَبِّ شَقِیًّا پڑھے کرتے تھے۔

ایضاً

جب بمقام وَاَکْرِمْتَ اِحْضَارِیْ پر پہنچے۔ محل اشارہ دوم اصل کا ہے۔ حضرت شیخ محمد غوث قدس اللہ سرہ العزیز کے بموجب اس جگہ پر یَا فَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ تا آخر یا خَافِضُ تَخَفَّضْتَ تا آخر پڑھ کر دعائے فتح یا قتل بحسب مدعا قرأت کرکے اپنا مطلب حق سبحانہ تعالیٰ سے چاہے۔

ایضاً

جب بمقام وَشَفَیْتَ اَمْرَاضِیْ پر پہنچے۔ تین بار واسطے دفع امراض

Marfat.com

جسمانی و روحانی یہ دعاء پڑھے:

”بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ
بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ
وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی
الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

ایضاً

جب بمقام وَلَوْ تَشْمِتْ بِیَ الْاَعْدَآءَ پر پہنچے۔ تو دس بار یَا رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ کہہ کر انگشتِ شہادت دستِ راست مانند تیغ کھڑی کر کے بتصور تمام اعداء کی گردن پر مارے۔ کہ یہ اشارہ قتل ہے۔

ایضاً

جب بمقام رَمَیْتَ مَنْ رَمَانِیْ پر پہنچے۔ بارہ مرتبہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ کہے۔ اور دو رکعت بہ نیت تفرقۂ اعداء پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اکتالیس بار تَبَّتْ یَدَا پڑھے۔ اور سجدے میں جا کر سات بار حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ اور نو بار وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی اور پندرہ بار اسم یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ الخ اور گیارہ بار فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھ کر خیال مخذولی اعداء دل میں تصور کرے۔ اور نیز جو حاجت کہ رکھتا ہو حق سبحانہٗ تعالیٰ سے چاہے۔ دا

کو بعض کے نزدیک یہ مقام اشاراتِ اصول سے دوسرا اشارہ ہے۔

ایضاً

جب بمقام کُنْ نُعِنْ فِیْ قَدَرٍ تَکَ پر پہنچے۔ مِنْ قَوْلِہٖ کُنْ نُعِنْ اِلٰی قولہ المُتَخَلِّفَاتِ اس جگہ پر اپنی حاجت کو دِل میں خیال کرے۔ یہ اشارہ خفیہ ہے۔

ایضاً

جب مقام وَکَلْتِ الْاَلْسِنُ پر پہنچے۔ زبان بندی اور دفع اعداء کیلئے اسم یَا مُبْدِیَ الْبَرَایَا چار مرتبہ اور اسم یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ چالیس بار پڑھے۔

ایضاً

جب بمقام کَیْفَ یُوْصَفُ کُنْہُ صِفَتِکَ پر پہنچے تو اپنی حاجت کو دِل میں خیال کرے۔

ایضاً

جب بمقام وَاَنْتَ اللّٰہُ الْمَلِکُ پر پہنچے۔ تو دفع اعداء کے لئے تا غَیْرُکَ گیارہ بار پڑھ کر سجدہ میں جائے۔ اور نو بار یَا شَمُوْطِیْثَا کہے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لَنَا جَمِیْعَ اَعْدَآئِنَا وَاصْرِفْ عَنَّا شَرَّھُمْ۔ اٰمِیْنَ۔

Marfat.com

ایضاً

جب بمقام لَیْسَ فِیْھَا اَحَدٌ غَیْرُکَ پر پہنچے۔ تو چار مرتبہ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔ اور پندرہ ۱۵ مرتبہ یَا اِلٰہَ الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعُ پڑھ کر رب العالمین سے اپنی حاجت چاہے۔ اور کہتے ہیں کہ مِنْ یَا رَبِّ اِلٰی مَغْوَاکَ اشارہ کل مغلوب ہے۔

ایضاً

جب بمقام وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ پر پہنچے۔ تو تفرق اعدا رحمت شَاھَتِ الْوُجُوْہُ کہہ کر تین بار دستِ راست زمین پر مارے۔ اور شَاھَتِ الْوُجُوْہُ کہہ کر تین بار دستِ چپ زمین پر مارے۔

ایضاً

جب مقام فَمَنْ تَفَکَّرَ پر پہنچے تو سات بار مَا تَریٰ فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ سے وَھُوَ حَسِیْرٌ تک پڑھے جو کچھ چاہے پائے

ایضاً

جب مقام مُتَحَیِّرٌ پر پہنچے۔ تو آیت مَا تَریٰ فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ اور اسم یَا قُدُّوْسُ الطَّاھِرُ سات کنکریاں لے کر ہر ایک پر ایک ایک بار پڑھے۔ اور ہر ایک کو چھ اطراف یعنی مشرق۔ مغرب۔ شمال۔ جنوب۔ اوپر۔ نیچے کی طرف پھینکے۔ اور ایک کو اپنے سر میں رکھے۔ جس جگہ جائے گا۔ کوئی دشمن اس کو نہ دیکھے گا۔

Marfat.com

ایضًا

جب لفظ مُتَحَیِّرًا پر پہنچے۔ اپنی مراد مانگے (بعض کے نزدیک یہ دوسرا
اشارہ ہے۔ اشاراتِ اصول سے) اور ایک جماعت مشائخ نے کہا ہے۔ کہ
اس جگہ صلوٰۃ الحاجت ادا کرے۔ اور اس کے بعد رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً
وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ستر مرتبہ پڑھے۔

ایضًا

جب مقام مَحْرُوْسًا لَکَ فِی التَّرَدُّدِ وَالْاِمْتِنَاعِ پر پہنچے۔ تو پائے راست
اور دستِ چپ زمین پر مارے۔ اور جب مقام فَاِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ پر پہنچے۔ تو پائے چپ اور دستِ راست زمین پر مارے۔
اور یہ تصوّر کرے۔ کہ گویا دشمن کے سر پہ مارتا ہوں۔

ایضًا

جب مقام فَوْقَ طَاقَتِیْ پر پہنچے۔ واسطے ملاقات سلاطین اور کفایت
مہمات کے تین بار اسم یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ الخ اور دو بار اسم یَا رَحِیْمَ کُلِّ
صَرِیْخٍ الخ پڑھے۔

ایضًا

جب مقام لَکُمْ تَغِبْ پر پہنچے۔ (یہ محل اشاراتِ اصول سے تیسرا اشارہ ہے)۔

بموجب تحریر بندگی حضرت شیخ محمد غوث گوالیاری قدس سرہ العزیز اس جگہ پر اسم
یَا بَاسِطُ تَبَسَّطْتَ تا آخر اور یَا قَابِضُ تَقَبَّضْتَ تا آخر بحسب حاجت
لطف یا قہر پڑھ کر دعاء فتح یا قہر پڑھے۔

ایضاً

جب مقام وَلَا یَغِیْبُ عَنْکَ غَائِبَۃٌ پر پہنچے۔ پندرہ مرتبہ اسم یَا دَائِمُ
بِلَا فَنَاءٍ لَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ تا آخر پڑھے۔ اور اپنی حاجت طلب کرے۔

ایضاً

جب مقام کُنْ فَیَکُوْنُ پر پہنچے۔ تو عمل اشارات دوم کہ جمہور اولیاء
کے نزدیک ہے۔ اس طریق سے بجالائے۔ سات بار کلمۂ توحید کہہ کر دو رکعت
نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ
یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ
قرأت کرے۔ اور سلام کے بعد سات بار یَا عَظِیْمُ ذُوالثَّنَاءِ الْفَاخِرِ پڑھے
اور ہاتھ اٹھا کر تین بار اسم جبروتی بحسب حاجت جمالی و جلالی پڑھ کر ایک بار
دعائے فتح یا قہر پڑھے۔ اور ہاتھ اٹھا کر تین بار اسم جبروتی بحسب حاجت
و جلالی پڑھ کر ایک بار دعائے فتح یا قہر پڑھے۔ اور اپنا مطلب دینی و دنیاوی
جو کچھ ہو۔ جناب الٰہی سے چاہے۔ اس کے بعد اکتالیس بار یا گیارہ بار درود شریف
پڑھے۔ اور دس بار یَا سَرِیْعُ تا حَیُّ وسعت رزق کے لئے قرأت کرے۔ اور دس

Marfat.com

(و)ظائف اور دعوت اور وظیفہ سب میں پڑھے۔ جب مقام وَاَعْطِنِیْ مِنْ رِزْقِكَ پر پہنچے۔ تو اسم یَا رَزَّاقُ تو رَزَقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرَّزَّاقُ فِیْ رِزْقِ رِزْقِكَ یَا رَزَّاقُ پڑھے۔ وسعتِ رزق کے لئے قاضی الحاجات سے عرض کرے۔ اور یاد رکھنا چاہیئے کہ ہر اشارہ پر یہ اسم قرأت کرے۔

ایضًا

جب مقام وَاَوْضِحْهُمْ حُجَّةً مُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ پر پہنچے تو فتح امورِ باطنی کے لئے اکتالیس بار کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھے۔

ایضًا

جب مقام اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَالَا یَسَعُهٗ پر پہنچے۔ کشائش امورِ بستہ اور خلاصی دین کے لئے گیارہ بار اسم یَا زَاکِیُ الطَّاهِرُ تا آخر پڑھے۔

ایضًا

جب مقام وَهَبْ لِیْ فِیْ یَوْمِیْ پر پہنچے۔ حضرت مسیح الاولیاء پیر دستگیر فرماتے تھے۔ اگر دن میں پڑھے تو یہی کہے۔ اور جو شب کو پڑھے تو بجائے فِیْ یَوْمِیْ هٰذَا کے فِیْ لَیْلَتِیْ هٰذِهٖ پڑھے۔

ایضاً

جب مقام شُکْرَ مَآ اَنْعَمْتَ بِہٖ عَلَیَّ پر پہنچے۔ (یہ چوتھا اشارہ اشاراتِ
اصول سے بندگی حضرت شیخ محمد غوث قدس سرہ العزیز کے نزدیک ہے)
اس جگہ پر اسم یَا عَزِیْزُ کَعَزَّرْتَ تا آخر اسم یَا مُذِلُّ تَذَلَّلْتَ تا آخر حاجت
حاجت پر پڑھے۔ اور اس کے بعد دعائے فتح یا دعائے قتل پڑھے۔

ایضاً

جب مقام فَاِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْوَاحِدُ پر پہنچے تو فَاِنَّکَ سے
کَبِیْرُ الْمُتَعَالِ تک اکتالیس بار یا اس سے کم چھ بار پڑھے۔ اور سجدہ میں جا کر
اپنی حاجت حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے چاہے۔ واضح ہو کہ یہ کلمات مثلِ اکسیر اعظم
ہیں۔

ایضاً

محل کَبِیْرُ الْمُتَعَالِ پر کہ تیسرا اشارہ اشاراتِ اصول سے جمہور کے
نزدیک ہے۔ جیسا کہ سابق میں مذکور ہوا ہے، بجا لائے۔

ایضاً

جب مقام فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ

پہنچے۔ تو سیدھا ہاتھ جانب آسمان کر کے اپنے منہ پر ملے۔

ایضاً

جب مقام اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ پر پہنچے۔ کشائش کار کے لئے نو بار بار اسم یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ تا آخر اور فَعَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّاْتِیَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِہٖ سات بار پڑھے۔

ایضاً

جب مقام بِكَ اَصُوْلُ عَلَی الْاَعْدَآءِ پر پہنچے۔ (یہ محل اشارہ پنجم بندگی حضرت شیخ کے نزدیک ہے۔ اس جگہ پر اسم یَا لَطِیْفُ تَلَطَّفْتَ تا آخر اور اسم یَا قَہَّارُ تَقَہَّرْتَ الخ بحسبِ حاجت پڑھ کر دعائے فتح یا قہر پڑھے۔ اور اپنی مراد چاہے۔

ایضاً

جب مقام لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْفَاشِیْ پر پہنچے۔ اپنی حاجت طلب کرے بعض کے نزدیک یہ چوتھا اشارہ ہے۔ اشاراتِ اصول سے)۔

ایضاً

جب مقام وَلَا یَمْلِکُوْنَ مِنْكَ اِلَّا مَا تُرِیْدُ پر پہنچے۔ تو گم شدہ چیز

Marfat.com

کے بل جانے۔ دولت گئی ہوئی واپس پھر آنے اور رزق کی زیادتی کے لئے سات بار اسم یَا مُبْدِیَ الْبَرَایَاؕ پڑھے۔ خدا چاہے تمام حاجتیں روا ہوں گی۔

ایضاً

جب مقام اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُنْعِمُ الْمُفْضِلُ پر پہنچے تین بار اُٹھے اور سر برہنہ کر کے منہ آسمان کی طرف اُٹھائے۔ اور تین بار بیٹھے۔ جو مراد کہ رکھتا ہو خواہ جمالی خواہ جلالی ہو۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ سے طلب کرے۔

ایضاً

جب مقام بِالْعِزِّ وَالْعَلَآءِ پہ پہنچے۔ (اس جگہ چوتھا اشارہ ہے اشارات اصول سے) بطریقِ معمول سابق عمل کرے۔

ایضاً

جب مقام جَعَلْتَنِیْ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر پہنچے آرزوئے رویتِ سرورِ عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کرے۔ اور سینتیس بار اسم یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ تا آخر پڑھے۔

ایضاً

جب مقام وَحُسْنُ صَنِیْعِكَ پر پہنچے، غنا طلب کرے۔

Marfat.com

ایضاً

جب مقام وَفَضَّلَ مِنَّا مُحِلَّكَ پر پہنچے۔ زیادتی نعمت اور دفع قحط کے لئے اسم یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ تا آخر پڑھے۔

ایضاً

جب مقام فَکَوْ کَمْ اَذْکُرُ مِنْ اِحْسَانِكَ پر پہنچے۔ دونوں ہاتھ اُٹھا کر غنا کے لئے دعا مانگے۔ پھر دونوں ہاتھ دونوں طرف جھاڑے۔

ایضاً

جب مقام حِیْنَ رَفَعْتُ صَوْتِیْ پر پہنچے۔ اس کلمہ کو بلند آواز سے پڑھے۔ اور ستّر یَا اللّٰهُ اور سات بار یَا اللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِهٖ یَا اللّٰهُ اور نو بار یَا مُعِزُّ دَسْ پڑھے۔ اور رازقِ مطلق سے رزق چاہے۔ خدا چاہے تمام سختیوں سے رہائی پائے۔ جب محل مِنْ خَلْقِكَ پر پہنچے بمعلوم کرے۔ (کہ یہ پانچواں اشلا ہے۔ اشاراتِ اصول سے جمہور اولیاء کے نزدیک) حسبِ معمول عمل کرے۔

ایضاً

جب مقام فَتَتِمَّهُ اِحْسَانَكَ پر پہنچے۔ قضائے دین اور خلاصی

محبوس اور حصولِ علم کیمیا کے لئے یَا مَنَّانُ ذَا الْاِحْسَانِ تا آخر دس بار پڑھے

ایضًا

جب مقام وَاَنْ لَّا تَحْرِمْنِیْ رِفْدَکَ پر پہنچے۔ تمام حاجات کے لئے ستائیس بار اسم یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ تا آخر پڑھے۔ اور ایک بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا وَاجِدُ یَا مَاجِدُ یَا جَوَادُ پڑھے۔

ایضًا

جب مقام فَیَنْقُصَ مِنْ جُوْدِکَ فَیْضَ فَضْلِکَ پر پہنچے۔ حصولِ طلب کے لئے یہ دعا پڑھے۔ یَا رَبَّ جِبْرَائِیْلَ یَا رَبَّ مِیْکَائِیْلَ یَا رَبَّ اِسْرَافِیْلَ یَا رَبَّ عِزْرَائِیْلَ یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ اَمْدُدْنِیْ فِیْ فَضْلِکَ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ اِقْضِ حَاجَتِیْ۔

ایضًا

واضح ہو کہ بعض نسخوں میں لفظ بَاکِیَةً نہیں ہے۔ مگر حضرت امام ابو الحسن شاذلیؒ سے نقل ہے کہ انھوں نے اس لفظ کو حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے عالمِ رؤیا میں دریافت کیا۔ حضرت اسد اللہ الغالب نے فرمایا کہ میں نے اس لفظ کو پڑھا ہے۔

٭

ایضاً

جب مقام اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ پر پہنچے۔ تین بار نادِ علی پڑھ کر حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے استمدادِ ہمت کرے۔ اگر قتل کی نیت سے قرأت کرے تو تین بار یہ پڑھے۔ لَا فَتٰى اِلَّا عَلِىٌّ لَا سَيْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَار۔ اور تین بار یہ کہے۔ سَمَيْتَ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ تا آخر۔

ایضاً

جب مقام فَتَمِّمْهُ لِيْ بِاَحْسَنِ الْوُجُوْهِ پر پہنچے۔ تو کہے۔ اِلٰهِيْ بِحَقِّ الْحُسَيْنِ وَاَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَجَدِّهٖ وَبَنِيْهِ حاجت من برآر اور جب مقام بِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ پر پہنچے۔ سجدے میں جاکر اپنی حاجت طلب کرے۔ اور کہے: يَا لَطِيْفُ اَغِثْنِيْ۔

ایضاً

جب مقام كُنْ فَيَكُوْنُ پر پہنچے۔ دفع اعداء کے لئے دعا رہود پڑھ کر اسم يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ الخ سات بار قرأت کرے۔

فائدہ

حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ اگر کسی سے

Marfat.com

روزانہ وظیفہ دعائے سیفی کا ترک ہو جائے تو اُس کے تدارک اور کفارت کے لیئے سات بار یہ بیت پڑھے:

بیت

أَرَادُوْا وَمَا كَانَ حَقًّا أُرِيْدُ
فَطُوْبىٰ لَهٗ مِنْ مُرَادِ مُرِيْدِ

شیخ ابوالفضل کرمانی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ بھی روایت ہے کہ یہ دعا بارہ ہزار خاصیتیں رکھتی ہے۔ چھ ہزار دینی اور چھ ہزار دنیوی۔ جو کوئی چاشت کے وقت اس کی مواظبت کرے۔ تمام مہمات اس کی سرانجام پائیں۔ اور اگر چالیس روز تک برابر ہر روز تین بار پڑھے۔ ولایت کا مرتبہ پائے۔

ایضاً

جو کوئی نبی اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنی چاہے۔ یا انبیاء علیہم السلام میں سے کسی اور نبی کی کرنی چاہے۔ یا اولیاء میں سے کسی ولی کی یا فقراء اور صالحین میں سے کسی صالح کی زیارت کرنی چاہے۔ تو اکیاون مرتبہ اس دعائے سیفی کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ضرور زیارت کریگا اور اس کی رؤیت سے مشرف ہوگا۔

ایضاً

حضرت شیخ محمد سکاکیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت سلطان العارفین بایزید

Marfat.com

بسطامی قدس اللہ سرہ العزیز فرماتے تھے۔ کہ جب کوئی مجھ کو حاجت ہوتی۔ یا کوئی مہم درپیش ہوتی۔ تو جمعہ کے دن صبح کو دُعائے سیفی پڑھتا۔ حق تعالیٰ اُسی وقت مستجاب فرماتا۔ واضح ہو کہ ظاہرا یہ ماجرا حالتِ ابتدائی حضرت سلطان العارفین کا معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ حالتِ انتہائی اُن حضرت کی یہ تھی۔ اور یہ کیفیت تھی کہ جو خاطر شریف میں گزرتا تھا۔ اُسی وقت ہو کر رہتا تھا۔ باقی خواص و فضائل اس اسناد کے وہی ہیں۔ جو شیخ علیہ الرحمۃ کے طریق سے خلاف ہے۔ اس واسطے لکھا جاتا ہے۔ کہ اگر کسی بزرگ کے سلسلہ میں اس طریق سے ہو۔ تو اسی طور سے پڑھے۔

ؤ

طریقہ دعوت و ورد خاندان سلسلۂ قادریہ سید محبوب علیشاہ

ہر خاصیت کے لئے علیحدہ علیحدہ قراۃ مقرر ہے۔ اور جس جگہ تعداد قراۃ معین نہیں ہے۔ وہاں سات بار مقرر کی گئی ہے۔

واضح ہو کہ حضرت ابوالفضل کرمانی نے طاہر بن محمد سے انھوں نے تمیم ثقفی سے انھوں نے امیرالمومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اور انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور آپ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے اس طرح معلوم کیا ہے کہ جو کوئی اس حرز کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے۔ ہرگز کوئی دشمن یا سحر۔ جادو۔ دیو۔ پری۔ اور چشم زخم اور مار و کژدم و شیر و گرگ اور بمعہ اُن کے کوئی چیز اُس پر قابو نہ پائے۔ اور سب سے امن میں رہے عامل اس کا تمام مخلوق میں عزیز ہو۔ اور سب اُس کے تابعدار ہوں۔

ایضاً

واسطے دوستی اور دشمنی اور عقد اللسان اور نیند کی بندش کے لئے سات بار پڑھے۔

ایضاً

جو کوئی اس دعا کو پڑھے ایک بار۔ ایک سال کی عبادت کا ثواب پائے۔ اور جو کوئی دو بار پڑھے دو سال کی عبادت کا ثواب پائے۔ علی ہٰذا القیاس

اور جس سال یہ دُعا پڑھے۔ اُس کے گناہ نہ لکھے جائیں۔

ایضاً

جو کوئی دو شخصوں میں مفارقت چاہے اُس کو چاہیئے کہ ایک مُٹھی خاک پُرانی قبر سے لائے۔ اور ایک بار اس حرز کو پڑھ کر اس مٹی پر دم کرے اور ان دونوں میں سے ایک کے آستانہ میں گڑھا کھود کر اُس مٹی کو ڈال دے۔ خدا چاہے جدائی ہو گی۔

ایضاً

اگر کوئی چاہے کہ دشمن کو ہلاک کرے تو اُس کو چاہیئے کہ اکتالیس دانے گندم بھاری کے لائے اور تین رات دن زعفران کے پانی یا نیل کے پانی میں رکھے اور اُس کے نیچے ایک چھری فولادی رکھے۔ اور ایسی پوشیدہ جگہ رکھے کہ کسی کی نظر اُس پر نہ پڑے۔ اس کے بعد کچے دھاگے میں اُن سب دانوں کو پروئے۔ اور ایک ایک دانے پر حرز پڑھے۔ جب تمام ہو جائے کسی بے پھل درخت کی شاخ میں جو جانب مشرق سے خشک ہوئی ہو۔ لٹکا دے۔ اور جس قدر ہو سکے۔ صدقہ دیوے۔ دشمن ہلاک ہو گا۔

ایضاً

اگر کوئی چاہے کہ سلاطین روزگار اور اُمراء کارگار اور ہر چھوٹا بڑا امیر

مطیع ہوں۔ تو اس کو لازم ہے کہ مشک و زعفران کو آبِ باراں یا گلاب میں حل کر کے اس حرز کو پوست آہو یا منصوری کاغذ پر لکھے۔ اور موم جامہ میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے۔ اور اگر حفظ یاد کرے۔ کوئی تیر۔ نیزہ۔ شمشیر اس پر کارگر نہ ہو۔ اگر اس کو لکھ کر بھاگے ہوئے کا نام لکھے۔ اور کسی درخت کے نیچے گاڑ دے تو بھاگا ہوا آجاوے۔ اسی طرح اگر اپنے محبوب کے لئے کرے تو محبوب آجاتے۔

ایضًا

اگر کوئی اس کا عامل شہد یا شربت یا نبات پر پڑھ کر دم کر دے۔ اور کوئی شخص اپنے عیال و اطفال کو کھلائے۔ روز بروز دولت زیادہ ہو۔ اور کبھی اُن کے خاندان سے دولت زائل نہ ہو۔

ایضًا

اگر کوئی شخص اپنے کام میں عاجز ہو اور کچھ تدبیریں نہ بن پڑتی ہوں تو اس کو چاہیے کہ شبِ جمعہ آدھی رات کو اٹھے۔ اور دو رکعت نماز ادا کرے اور جو کچھ قرآن شریف سے یاد ہو پڑھے۔ اور نو بار درود شریف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجے۔ اس کے بعد تین بار اس حرز کو پڑھے۔ حق تعالیٰ اس کو فرحت بخشے۔ اور کارسازی فرمائے۔

Marfat.com

ایضاً

اگر کوئی شخص قید خانہ میں اکتالیس بار اس حرز کو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے خلاصی پائے۔

ایضاً

اگر کوئی شخص صرف ایک دفعہ ہی پڑھ کر سانپ۔ بچھو یا کسی بھی زہریلے جانور۔ یا سگِ دیوانہ کے مریض پر پڑھ کر ہاتھ پھیرے۔ دم کرے اور دم شدہ پانی پلادے۔ تو حق تعالیٰ کے حکم سے مریض اچھا ہو جاتے۔

ایضاً

اگر کسی کو سلطان نے جان سے مارنے کا حکم دیا ہو تو اُس کو چاہیے کہ غسل کرے۔ اور پاک کپڑے پہنے۔ اور ایک بار اِس حرز کو پڑھے۔ اور کسی سے بات چیت نہ کرے۔ جب سلطان کے رو برو جائے تو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے جان کی امان پائے۔

ایضاً

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو۔ اور معلوم نہ ہو کہ کون لے گیا ہے تو چاہیے کہ شب کو دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ والشمس

Marfat.com

ایک بار اور دوسری رکعت میں وَالضُّحیٰ اور اَلَمْ نَشْرَحْ ایک ایک بار۔ اس کے بعد یہ حرز پڑھے۔ اور باوضو سو جائے۔ مال اور چور کو خواب میں دیکھے۔ اور معلوم کر لے۔

ایضًا

اگر کسی کو یہ مہم پیش آئے تو چہار شنبہ و پنجشنبہ و جمعہ کو روزہ رکھے اور شب شنبہ کو دو رکعت ادا کرے۔ فاتحہ کے بعد وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّ یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا پچیس بار پڑھے۔ اور ایک بار اس حرز کو پڑھے۔ اور باطہارت سو جائے۔ خدا اپنے کام کی کشادگی خواب میں معلوم کرے۔

ایضًا

جو کوئی اس حرز کو لکھ کر اپنے گھر میں رکھے۔ چور۔ آب۔ آتش سب سے اس کا گھر امن میں رہے۔

ایضًا

جو کوئی اس حرز کو اپنے پاس رکھ کر لڑائی میں جائے۔ تیغ کی حاجت نہ ہو۔ اور دشمنوں کے دل میں اس کی ہیبت ہو۔

ایضاً

جو شخص اِس کو لکھ کر اور دھو کر اپنے بچے کو پلائے ذہین ہو۔ اور حصولِ علم کے دروازے اُس پر کشادہ ہوں۔

ایضاً

جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے سرہانے رکھے اور اپنی بیوی سے باوضو ہمبستر ہو تو حق تعالیٰ اُس کو فرزند نیک اور صالح عطا فرمائے۔

ایضاً

اگر کوئی شخص بھاگا ہُوا ہو۔ تو اُس کے لئے یہ حرز لکھ کر ایک ڈبیہ میں رکھ کر دفن کرے۔ اور مُنہ اُس کا موم سے بند کر دے۔ اور کسی جگہ میں پتھر کے نیچے دبا دے خدا چاہے، بھاگا ہوا آ جاوے۔

ایضاً

ہر قسم کے سُرخ باد والے کو چالیس روز تک کسی کھانے کی شے پر دم کر کے کھلائے۔ خدا چاہے تندرست ہو جائے۔

ایضاً

اگر کسی کو مہم قوی پیش آئے تو اس کو چاہیے کہ غسل پاک کرے۔ اور کپڑے

Marfat.com

بدلے ما ادر خلوۃ میں عود وغیرہ کا بخور کرے۔ اور ہاتھ اپنا اس حرز پہ رکھے اور شفیع لائے۔ یعنی زبان اور دل سے کہے۔ کہ بارِ خدایا اس کے طفیل اور برکت سے میری حاجت برلا۔ حق تعالٰی اُس کی مراد پوری کرے۔

ایضًا

اگر کسی کا دشمن قوی ہو۔ اور اُس کے سبب سے خوفزدہ ہو تو اُس کو چاہیے کہ اس حرز کو اکتالیس بار پڑھے۔ اگر فرصت نہ ہو تو سات بار پڑھے۔ کیسا ہی قوی دشمن ہو، زیر ہو جائے گا۔

ایضًا

اگر کوئی شخص قرضدار ہو گا۔ اور اس دعائے سیفی کو پڑھے گا۔ قرض سے سبکدوش ہو گا۔

ایضًا

اگر کوئی شخص صاحب اولاد ہے۔ اور اسبابِ معیشت سے تنگ ہے۔ تو چاہیے کہ اس کو پانی پر دم کرکے پلائے۔ خدا چاہے۔ فراغت حاصل ہو گی۔

ایضًا

اگر کوئی شخص مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے

Marfat.com

اور بادشاہ کے رُوبرُو جائے۔ نہایت اعزاز پائے۔ اور کسی سے اگر بحث ہو۔ یا کسی نے دعویٰ کیا ہو تو اُس کے بائیں ہاتھ کی جانب کھڑا ہو۔ خُدا چاہے۔ فتح پائے۔

ایضًا

اگر عنین یعنی نامرد پر چالیس روز تک برابر پڑھے۔ اور لکھ کر اپنے پاس بھی رکھے۔ خدا چاہے مرد ہو جائے۔

ایضًا

اگر اس حرز کو سورۂ فتح کے ساتھ لکھ کر نیزہ پر باندھے۔ اور دُشمن کے مقابلہ میں جائے۔ دشمن کو ہزیمت ہو۔ اور اس کو فتح و ظفر حاصل ہو۔

ایضًا

جب کسی بیمار کو اطبا نے جواب دے دیا ہو۔ اور اُن کے علاج سے اچھا نہ ہوتا ہو۔ تو اُس کو یہ حرز مشک اور زعفران اور گلاب سے چینی کے برتن میں لکھ کر پلائے۔ خدا چاہے شفا ہو۔

ایضًا

جو کوئی اس حرز کو مشک و زعفران سے باطہارت لکھے۔ اور مصروع (مرگی زدہ)

Marfat.com

کی گردن میں ڈالے۔ خدا چاہے، شفا ہو۔

ایضاً

اگر اس دعائے سیفی کو لکھ کر گھوڑے کی گردن میں باندھے۔ اور گھوڑوں کے طویلہ میں چھوڑے تو کوئی اُن میں نہ بھاگے گا اور نہ غائب ہو گا۔

ایضاً

اگر بانجھ عورت تین حیض تک اس کو لکھ کر اپنے سرہانے رکھے۔ اور با طہارت اپنے خاوند کے پاس جائے۔ صاحبِ حمل ہو، اور نیک بچہ جنے۔

ایضاً

جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے، دشمن اُس کا مغلوب ہو

ایضاً

جو کوئی توسیع رزق کے لئے اِس کی (دعائے سیفی کی) ملاومت اختیار کرے خُدا چاہے صاحبِ فراغت ہو۔

ایضاً

جو کوئی اس حرز کو جنگل میں جا کر تین بار پڑھے اور چہرے پر دم کر کے ایک

دائرہ اپنے گرد کھینچ لے۔ اور اس میں بیٹھ جائے اور پھر بے انتہا اس کو پڑھتا رہے۔ اور کہتا جائے کہ (بحق ایں حرز ہمہ ماراں حاضر آیند) خدا کی قدرت سے بہت سے سانپ اس جگہ جمع ہو جائیں گے۔

ایضاً

اگر کوئی چاہے کہ پرندوں کو جمع کرے۔ تو اس حرز کو پوست گرگ پر لکھ کر بام خانہ پر ایک ڈورے میں باندھ دے۔ اور کہے (کہ بحق حرز یمانی ہمہ طیور جمع شوند) تو خدا تعالیٰ کے حکم سے تمام پرندے اس جگہ جمع ہوں گے۔

ایضاً

برائے عقد اللسان موم کی ایک ایسی صورت بنائے کہ منہ اس کا کھلا ہوا ہو اور زبان درست ہو۔ کسی خالی جگہ میں بیٹھ کر اس حرز کو پڑھنا شروع کر دے۔ جب مقامِ اشارات پر پہنچے تو ایک بال اس کے منہ کو دبا کر گرہ دے۔ اور اس میں پھونک دے۔ خدا چاہے زبان بستہ ہو۔

ایضاً

جو کوئی اس حرز کو اکتالیس ۴۱ بار پڑھے۔ مہتر خضر علیہ السلام اس کے پاس آئیں۔

ؤ

ایضاً

اگر کوئی چاہے کہ دُشمن دوست ہو اُس کو چاہیے کہ اِس حرز کو تین بار پڑھے اور جب اشارات کی جگہ پر پہنچے۔ اسمار اشارات کو اپنی ہتھیلی پر لکھے اور دُشمن کو دکھلائے۔ فوراً صُلح کرے۔ اور دوست ہو جائے۔

ایضاً

روایت ہے کہ ایک بادشاہ حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور کہا کہ مہتر زادہ یعنی سردار کا بیٹا ہوں۔ اور صاحب مال ومنال ہوں اور مُلک بہت رکھتا ہوں اور دُشمن بہت رکھتا ہوں کہ میری ہلاکت کا قصد کرتے ہیں اور میں اُن کے دفع کرنے سے سخت عاجز ہو رہا ہوں۔ ایک دِن میں اِسی تشویش میں سو گیا۔ تو کوئی شخص مجھ سے کہتا ہے کہ امیر المؤمنین رضؓ کے پاس جا۔ اور اس حرز کو جو پیغمبر خدا حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے بتایا ہے سیکھ۔ اس واسطے خدمتِ عالی میں حاضر ہوا ہوں۔ کہ آپؓ مجھ کو وہ حرز سکھلا دیجئے تاکہ میں اس غم سے نجات پاؤں۔ مجھ کو محروم نہ پھیرئیے۔ حضرت امیر المؤمنین رضؓ نے اس کو سکھا دیا۔ جب وہ اپنے گھر آیا۔ تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ اُس کو خبر پہنچی کہ تیرا دشمن ہلاک ہو گیا۔ اُس کو اس دعار کی برکت سے نجات ملی۔ اس حرز کے پڑھنے والے کو لازم ہے کہ حضوریٔ دِل سے پڑھے تاکہ جلد کار برآری ہو۔

٭

ایضًا

جو کوئی اکتالیس روز تک ہر صبح کو مسلسل اِس حرز کو پڑھے۔ ولایت کے مرتبہ کو پہنچے۔

ایضًا

اگر کوئی مرد کسی عورت پر عاشق ہو تین روزے رکھے۔ اور افطار کے وقت منہ اس کے گھر کی طرف کرے اور اس حرز کو پڑھے اور اس کے بعد اس دعا کو پڑھے۔ اِلٰهِي لَئِنْ تُكَوِّنْهُمْ وَادْرُ قُبِّيْ مَا فِيْ قَلْبِيْ وَنَجِّنِيْ مِنْ هٰذَا الْغَمِّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ - خدا چاہے. وہ عورت اس کی طرف رجوع ہو۔

ایضًا

سفر سے سلامت واپس آنے کے لئے اس (دعائے سیفی) کو جاتے وقت پڑھے۔

ایضًا

برائے ہلاکتِ اعداء کے لئے سات جمعہ کی راتوں میں سات سات بار پڑھے۔

Marfat.com

ایضاً

چوروں سے بچنے کے لئے یہ حرز پڑھے۔ اور اپنی انگلی پر دم کر کے چاروں طرف پھرا دے۔

ایضاً

زہر خوردہ کے لئے مشک و زعفران سے یہ حرز لکھے اور دھو کر پلائے۔ خدا چاہے۔ شفا پائے۔

ایضاً

جس کے اولاد نہ ہوتی ہو اور مرد عقیم ہو تو اس حرز کو مشک و زعفران سے لکھ کر پلائے اور وہ دو رکعت نماز پڑھ کر باوضو اپنی بیوی سے صحبت کرے خدا چاہے، فرزند سعادت مند پیدا ہو۔

ایضاً

جو کوئی اس حرز کو پڑھ کر اپنے منہ پر ہاتھ پھیرے گا۔ ہمیشہ با آبرو رہے گا۔

ایضاً

اگر کوئی شخص کسی معرکہ میں جائے۔ دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں

Marfat.com

فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین بار پڑھے۔ اس کے بعد ایک دفعہ اس حرز کو پڑھے۔ اور اپنے سیدھے ہاتھ پر دم کرے۔ پھر دوسری دفعہ پڑھے تو بائیں ہاتھ پر دم کرے۔ پھر تیسری دفعہ پڑھے اور اپنے منہ اور سینے پر پڑھ کر دم کرے۔ اور ہاتھ پھیرے۔ اور میدانِ جنگ میں جائے۔ خدا چاہے کوئی زخم اس پر نہ آئے۔ اور دشمن کے دِل میں اس کی طرف سے ہیبت ہو۔ اور مظفر و منصور اپنے گھر واپس آئے۔

ایضًا

اگر کوئی ایسے ویرانہ اور خرابہ میں جا پھنسے کہ وہاں دانہ پانی کچھ نہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ تیمم کر کے دو رکعت نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اخلاص سات سات بار پڑھے۔ اس کے بعد اس حرز کو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ خزانۂ غیب سے آب و طعام پہنچائے گا۔

ایضًا

اگر کوئی فقر و فاقہ میں مبتلا ہو تو وہ اکتالیس روز تک صبح سے پہلے اُٹھے اور غسل کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار اور سورۂ اخلاص تین بار۔ سلام کے بعد درود شریف اور ایک بار حرز پڑھے اور ناغہ نہ کرے۔ اگر ناغہ ہو جائے تو پھر سرے سے شروع کرے۔

٭

ایضاً

دیو۔ پری کی تسخیر کے لئے سورج ڈوبتے وقت شہر سے باہر جائے۔ اور غسل کرے۔ اور کپڑے پاک پہنے۔ اور عطر خوب لگائے۔ اور آیۃ الکرسی اور چاروں قل پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔ پھر دو رکعت پڑھے۔ اور فاتحہ کے بعد جو سورۃ یا آیاتِ قرآنی یاد ہوں پڑھے۔ اور سلام کے بعد قل اوحی تا آخر باواز بلند پڑھے۔ اور کسی چیز سے نہ ڈرے اور ورد میں مشغول رہے۔ اوّل ایسا کرے کہ اپنے گرداگرد فولادی چھری سے ایک خط کھینچے اور آیۃ الکرسی پڑھے اور اندر بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے۔ جو صورت ہولناک دکھلائی دے اُس سے ہرگز نہ ڈرے۔ اور نہ اُن کی کسی بات کا جواب دے۔ جب اُن کا بادشاہ آئے اپنا مقصد بیان کرے اور اُس سے عہد لے۔

ایضاً

جس کسی کا کاروبار بند ہو گیا ہو اُس کو چاہیے کے عشاء کے بعد سات بار یا تین بار اس حرز کو آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھے۔ پہلے دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اِذَا جَآءَ ستر بار پڑھے۔ بعد سلام کھڑا ہو اور ذکر کرو بیان یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الخ اِذَا سَأَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ الخ بلا کر سات بار پڑھے اور

بیٹھ جائے۔ اور سرننگا کر کے اس حزر کو بلا لحاظ قلب پڑھنا شروع کرے۔ مستجاب ہو۔ چالیس شب متواتر اسی طرح پڑھے۔ اگر خدانخواستہ اس مدت میں فتح نہ ہو۔ تو تین چلّے پورے کرے۔ خدا تعالیٰ کی ذات پاک سے امید ہے کہ جلد قبول ہو اور جلد کھل جائے۔

نوٹ:۔ مقام اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ پر نادِ علیؑ پڑھنے کا ذکر پیچھے کیا جا چکا ہے۔ لہٰذا نادِ علیؑ ذیل میں درج کیا جا رہا ہے۔

نادِ علی یہ ہے

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ۔

خاتم

عامل دعائے سیفی کو چاہیئے کہ ہر روز بعد اتمامِ وظیفہ دعائے سیفی اس خاتم کے اعداد پر نظر ڈالا کرے۔ تا کہ کلی نتیجہ حاصل ہو۔ ۷۸۶

۳۰۱	۵۷	۱۴	۴۵۲	۲۱	۱۸	۱۲۳	۸۳	۱۱	۱				
۳۰۱	۱۱	۷	۹	۳۵	۳۷	۵۱	۳۱	۱۱	۵۴	۱۳	۱۱	۵	
۳۱	۲۵	۳۵	۴۸	۱۱۶	۱۶	۷۷	۱۱	۱۱	۱۱۲	۲۰۵	۱۱	۷	۱۱
۱۱۶	۱۱۳	رم	۲۱	//	۱۲	رعد	۵۳	۵۱	۱۴	۲۷	۴		
۸۱	۱۹	۱۴	ر۱۳	۱۱	۸	۱۱۱	۴						
۱۱	۲	۱۱	۶	۱۲	//	۱۱۴	ر۳	ر۳	۵۱۵	۱۱۲	۱۴	۴	
۱۲۱	۱۱	۱۲۱	//	۴	۱۱	۴	۱۱						

Marfat.com

یادداشت

دُعائے سیفی کے کئی مقام اشارات میں چہل اسمائے عظّام سے ایک یا دو اسم پڑھنے کی تاکید وارد ہوئی ہے۔ لہٰذا چہل اسمائے عظّام مفصّل و مکمّل درج ذیل ہیں۔

چہل اسمائے معظّم ؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِائَةَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَّبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

۱۔ سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ سُبْحٰنَكَ۔

۲۔ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ۔

۳۔ يَا رَحْمٰنُ كُلِّ شَيْءٍ وَّرَاحِمَهٗ يَا رَحْمٰنُ۔

۴۔ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ۔

۵۔ يَا قَيُّوْمُ فَلَا يَفُوْتُ شَيْءٌ مِّنْ عِلْمِهٖ وَلَا يَؤُوْدُهٗ حِفْظُهٗ يَا قَيُّوْمُ۔

Marfat.com

۶- يَا وَاحِدُ الْبَاقِي أَوَّلَ كُلِّ شَيْءٍ وَآخِرَهُ يَا وَاحِدُ۔
۷- يَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَلَا زَوَالٍ لِمُلْكِهِ وَبَقَائِهِ يَا دَائِمُ۔
۸- يَا صَمَدُ مِنْ غَيْرِ شِبْهٍ وَلَا شَيْءَ كَمِثْلِهِ يَا صَمَدُ۔
۹- يَا بَارُّ فَلَا شَيْءَ كُفُوُهُ يُدَانِيهِ وَلَا إِمْكَانَ لِوَصْفِهِ يَا بَارُّ۔
۱۰- يَا كَبِيرُ أَنْتَ اللهُ الَّذِي لَا تَهْتَدِي الْعُقُولُ لِوَصْفِ عَظَمَتِهِ يَا كَبِيرُ۔
۱۱- يَا بَارِئَ النُّفُوسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَيْرِهِ يَا بَارِئُ۔
۱۲- يَا زَاكِي الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ آفَةٍ بِقُدْسِهِ يَا زَاكِي۔
۱۳- يَا كَافِي الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ لَهُ مِنْ عَطَايَا فَضْلِهِ يَا كَافِي۔
۱۴- يَا نَقِيًّا مِنْ كُلِّ جَوْرٍ لَمْ يَرْضَهُ وَلَمْ يُخَالِطْهُ فَعَالُهُ يَا نَقِيًّا۔
۱۵- يَا حَنَّانُ أَنْتَ الَّذِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَتُكَ وَعِلْمُكَ
يَا حَنَّانُ۔
۱۶- يَا مَنَّانُ ذَا الْإِحْسَانِ قَدْ عَمَّ كُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّهُ يَا مَنَّانُ۔
۱۷- يَا دَيَّانُ الْعِبَادِ كُلٌّ يَقُومُ خَاضِعًا لِرَهْبَتِهِ وَرَغْبَتِهِ يَا دَيَّانُ۔
۱۸- يَا خَالِقُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَكُلٌّ إِلَيْهِ مَعَادُهُ
يَا خَالِقُ۔
۱۹- يَا رَحِيمُ كُلِّ صَرِيخٍ وَمَكْرُوبٍ وَغِيَاثَهُ وَمَعَاذَهُ يَا رَحِيمُ۔
۲۰- يَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْأَلْسُنُ كُلَّ كُنْهِ جَلَالِهِ وَمُلْكِهِ وَعِزِّهِ يَا تَامُّ۔
۲۱- يَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ تَبْغِ فِي إِنْشَائِهَا عَوْنًا مِنْ خَلْقِهِ يَا مُبْدِعُ۔
۲۲- يَا عَلَّامَ الْغُيُوبِ فَلَا يَفُوتُ شَيْءٌ مِنْ عِلْمِهِ وَحِفْظِهِ يَا عَلَّامُ

الغُیُوبِ۔

۲۳۔ یَا حَلِیْمُ ذُو الْاَنَاتِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ یَا حَلِیْمُ۔

۲۴۔ یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاهُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَّخَافَتِهٖ یَا مُعِیْدُ۔

۲۵۔ یَا حَمِیْدُ الْفَعَّالُ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا حَمِیْدُ الْفَعَّالُ۔

۲۶۔ یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی جَمِیْعِ اَمْرِهٖ فَلَا شَیْءٌ یُّعَادِلُهٗ یَا عَزِیْزُ۔

۲۷۔ یَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَاهِرُ۔

۲۸۔ یَا قَرِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ بِعُلُوِّ ارْتِفَاعِهٖ یَا قَرِیْبُ۔

۲۹۔ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِهٖ یَا مُذِلُّ۔

۳۰۔ یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ هُدَاهُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِهٖ یَا نُوْرُ۔

۳۱۔ یَا عَالِیَ الشَّامِخُ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ بِعُلُوِّ ارْتِفَاعِهٖ یَا عَالِیَ الشَّامِخُ۔

۳۲۔ یَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَیْءٌ یُّعَادِلُهٗ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا قُدُّوْسُ۔

Marfat.com

۳۳- یَا مُبْدِیُٔ الْبَرَایَا مُعِیْدُهَا بَعْدَ فَنَائِهَا بِقُدْرَتِهٖ یَا مُبْدِیُٔ۔

۳۴- یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ یَا جَلِیْلُ۔

